Posted on Kitab Nagri




Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted on Kitab Nagri

# دلِ نادان ٹو

## از قلم نشاء شاہد

عائشہ.... عائشہ !!!!!.....

زیان کمرے میں بال برش کرتا اسے آوازیں لگا رہا تھا..

پھر دروازے کی جانب دیکھا.. وہ نہیں آئی...

عائشہ.. اس نے پھر سے آواز لگائی...

آخر ماتھے پر سلوٹیں لئے وہ. کمرے سے باہر نکال..

دروازے کے باہر جا کر آواز دی..

عائشہ...

جی بیٹا...

Posted on Kitab Nagri

کلثوم آپا...عائشہ کہاں ہے..؟؟؟

وہ غصے سے بولا..

وہ..بیٹا جی..دادو کے کمرے میں ہے...

اسے بلائیں...وہ یہ کہہ کر کمرے میں چلا گیا..

...... .........

بیٹا جی...

جی کلثوم آپا... عائشہ دادو کے پاس کھڑی تھی..

زیان بیٹا کب سے آوازیں دے رہے ہیں..

عائشہ نے کھڑی کی طرف دیکھا..

اور سر پر ہاتھ مارا..

دادو آج تو میں گئی...

Posted on Kitab Nagri

بیٹا جاؤ آپ... دادو نے کہا...

آپ یہ دوائی لے لیجئے گا یاد سے... کلثوم آپا آپ انہیں دوائی دیں...

وہ یہ کہہ کر کمرے سے نکل گئی..

...............

تھوڑی دیر میں عائشہ کمرے میں داخل ہوئی..

زیان نے اسے دیکھا بھی نہیں اور ٹائی اٹھائی اور لگانے لگا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

سوری.. زیان... وہ زیان کے سامنے جا کر کھڑی ہوئی..

زیان نے کوئی جواب نا دیا.. اور ماتھے پر سلوٹیں لیا اسے گھورا..

لائیں مجھے دیں.. اس نے ٹائی پکڑنا چاہی..

رہنے دو... زیان نے خود ہی اسے سیٹ کرنا شروع کیا...

زیان میرے زہن سے نکل گیا.. میں تھوڑا لیٹ اٹھی آج...

پتا بھی ہے تمہیں عائشہ کہ آفس جانے سے پہلے مجھے تم اپنے سامنے چاہیے ہوتی ہو...

اچھا نا سوری.. لائیں.. اس نے ٹائی پکڑ کر لگانی شروع کی..

Posted on Kitab Nagri

آئندہ ایسا نہیں ہو گا..

اب موڈ ٹھیک کر لیں..

وہ ٹائی لگا کر پیچھے ہٹی... چلیں آ جائیں نیچے میں ناشتہ لگواتی ہوں...

زیان نے اس کا ہاتھ پکڑا..

کچھ بھول نہیں رہی تم..اس نے عائشہ کو سوالیہ نظروں سے دیکھا..

او..سوری...وہ زیان کے سینے سے جا لگی..

ویسے میں دیکھ رہا ہوں کہ تم مجھے کچھ خاص توجہ نہیں دیتی اب...

Posted on Kitab Nagri

زیان نے اس کے گرد بازو باندھے...

آپ کی شکائتیں کب ختم ہوں گی..وہ پیچھے ہٹتی بولی..

ٹھیک ہے پھر جس دن میں دور چلا گیا تب میری قدر ہو گی..زیان نے مسکراتے کہا..

اللہ نا کرے..زیان میں نے کتنی بار آپ سے کہا ہے...یوں میری جان نا نکال دیا کریں...وہ غصے سے بولی..

ہاہا...مزاق کر رہا تھا...زیان نے پھر سے اسے سینے سے لگاتے کہا..

ایسا مزاق مت کیا کریں..مجھے ڈر لگتا ہے..

اچھا یار...اب ناشتہ ملے گا...؟؟

Posted on Kitab Nagri

ہم...وہ مسکرا دی...

......................

سر مے آئی کم ان...

یس...کم ان... زیان نے فائلز میں مصروف کہا...

سر...

جی..زیان نے اوپر دیکھا..

Posted on Kitab Nagri

او آپ..؟؟

نیو اپوئنٹ... زیان کو اس کا نام یاد نہیں آرہا تھا..

مسکان... اس نے اپنا نام لیا..

اوکے مسکان... تو..؟

یس سر..

آج سے جوائن کیا آپ نے..؟؟

جی سر...

مسکان 23 24 سال کی ایک لڑکی تھی.. جینز اور شورٹ شرٹ پہنے... خوب میک اپ کئے وہ زیان کے سامنے کھڑی تھی.. خود کو مینٹین کیسے رکھنا اسے خوب آتا تھا...

Posted on Kitab Nagri

جی ٹھیک ہے آپ یہ فائلز لے جائیں اور انہیں ریڈ کریں.. اور باقی آپ ارمان سے پوچھ لیں ..

جی سر.... اس نے یہ کہہ کر فائلز پکڑ لیں..

اینڈ.. مس مسکان.. ایک کپ کافی پلیز....

اوکے سر... وہ یہ کہہ کر کمرے سے نکل گئی..

..........................

ارم.... حاشر ارم نے سامنے بیٹھا ہوا تھا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آج وہ ریستورنٹ میں اسے ملنے آیا تھا..

جی....

یار کیا ہے...ایک ماہ ہو گیا ہے.. ہماری منگنی کو ...

تو...؟؟

تو کیا مطلب...؟؟

یار مناؤ...بابا کو اپنے...

کس بات کے لئے... ارم جان بوجھ کر اسے تنگ کر رہی تھی..

Posted on Kitab Nagri

شادی کے لئے.....

میں بابا سے کہوں.. کتنا عجیب لگے گا ...

تو بھابھی سے کہہ دو یار ...حاشر نے کہا..

عاشو کے پاس جانا ہے میں نے... میں بات کروں گی ان سے.. آپ کیوں نہیں زیان بھائی سے کہتے...

کہا ہے.. اس کو کہاں فرصت... یہاں کسی کو فکر ہی نہیں ہے میری...

اچھا جی... زرا سا صبر نہیں ہوتا آپ سے...

نہیں مجھ سے نہیں ہوتا ...

Posted on Kitab Nagri

تو صبر کرنا سیکھیں..

ٹھیک ہے پھر.. میں نے کسی اور سے شادی کر لینی... حاشر نے منہ بناتے کہا..

اور میں نے آپ کا سر پھاڑ دینا ہے. ارم نے غصے سے کہا..

ہائے.. حاشر نے مسکرا کر کہا..

ارم نے نظریں جھکا لیں..

I love you... حاشر نے اسے دیکھتے کہا...

Posted on Kitab Nagri

ارم مسکرادی.. مگر کوئی جواب نا دیا.. اس کا دل. زور زور سے دھڑک رہا تھا..

..................

شاہد صاحب .

ساجدہ بیگم کمرے میں داخل ہوئیں..

جی بیگم صاحبہ.. انہوں نے مسکرا کر کہا..

مجھے آپ سے ضروری بات کرنی ہے...

جی جی.. وہ اٹھ کر بیٹھ گئے...

Posted on Kitab Nagri

ارم کی شادی کا تو کچھ سوچیں..

مگر اس کی پڑھائی..؟؟

وہ تو بعد میں بھی پڑھ لے گی.. حاشر کونسا منع کرے گا..

اور اس کی تو فیملی بھی ماشاءاللہ اتنی اچھی ہے...

وہ تو ہے.. مگر... شاہد صاحب پریشان نظر آئے..

مگر کیا...

اس کی شادی کی تیاریاں ہو جائیں گی... میرا مطلب...

Posted on Kitab Nagri

میں سمجھ رہی ہوں کہ آپ کیا کہنا چاہ رہے... ہو جائے گا.. اور میرے پاس بھی بہت سی سیونگز پڑی ہوئیں ہے... آپ. فکر نا کریں.. آپ بات تو شروع کریں.. اس وقت تک ہو جائے گا...

انشااللہ... چلو میں بات کرتا ہوں... محمود صاحب سے..

.........................

جی مسکان.. ہو گیا...؟؟

ارمان نے اس کی چئیر کے قریب آتے کہا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی.. الموسٹ ہو ہی گیا..

واہ پھر تو بڑی جلدی کام کیا آپ نے ...

Posted on Kitab Nagri

تو اور نہیں تو کیا.. پہلا دن تھا.. باس کو امپریس بھی تو کرنا ہے.. وہ مسکرا دی..

اوہو.... ارمان نے مسکرا کر کہا..

ویسے زیان سر کتنے ہینڈسم ہیں نا... اس نے مسکراتے اور خیالوں میں گم ہوتے کہا..

او... میڈم... خیالوں سے نکل آؤ... ارمان نے اسے ٹوکا..

وہ.چونکی.. کیا ہوا..؟؟

شادی شدہ ہیں وہ... ارمان نے ابھر و اچکاتے کہا..

ہیں...وہ.شادی شدہ ہیں.. اس کا تو منہ ہی بن گیا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جی...شادی شدہ.. ارمان نے زور دیتے کہا..

یہ. کیا بات ہوئی.. مجھے تو نہیں لگا کہ وہ شادی شدہ ہیں.. اچھے سے مسکرا کر بات کرتے ہیں..

اب کر لیتے ہیں.. پہلے ایسے نہیں تھے...اور وہ احترام کرتے سب کا..

کیوں..؟؟ پہلے ایسے کیوں نہیں تھے...

بس پہلے کھڑوس سے تھے.. اب تھوڑا بولنے لگے ہیں.. ورنہ تو ہر وقت کام.. کام کام... لگتا عائشہ نے بدل دیا ہیں انہیں...

عائشہ کون ہے...؟؟ وہ تجسس سے سوال پر سوال کیے جا رہی تھی....

Posted on Kitab Nagri

ان کی وائف...

اوہ...اچھا...

تو تم تو سوچنا بھی مت...

کیوں.؟؟؟.اس نے ماتھے پر سلوٹیں لئے کہا..

اپنی بیوی پر جان دیتے ہیں وہ... وہ نہیں امپریس ہونے والے..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا...وہ سوچنے لگی...

کام. کرلو...بہت براڈانٹتے ہیں وہ..؟؟

Posted on Kitab Nagri

ہم...وہ. کام میں مصروف ہو گئی...اور ارمان چلا گیا.

عائشہ... کیسی ہو گی وہ..؟؟

وہ. دل. میں سوچنے لگی..

بہت خوبصورت ہو گی...سٹائلش...اسی لئے تو امپریس ہوئے ہوں گے... وہ. مسلسل. سوچے جا رہی تھی..

....................

اوکے.. ویلڈن مسکان..

زیان نے مسکراتے کہا..

Posted on Kitab Nagri

تھینک ہو..

زیان کرسی سے اٹھا..

سر آپ جلدی جا رہے ہیں.. میرا مطلب ابھی تو ایک گھنٹہ ہے..

جی.. جلدی جا رہا ہوں..

سر خیریت تو ہے.. کوئی پریشانی تو نہیں..

بیگم. صاحبہ کا میسج آیا ہے.. جلدی آجایئے گا.. اب خیر ہی ہو..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اس نے مسکراہٹ دباتے کہا.. اور ٹیبل سے اپنا فون اٹھایا.. دراز کھولا اور چابی نکالی..

اوکے بائے مسکان.. آپ. باقی دیکھ لیجیۓ گا.. وہ یہ کہ کر نکل گیا...

بائے سر.. وہ مسکرا دی..

جان دیتے ہیں اپنی بیوی پر... ارمان کی آواز اس کے کانوں میں گونجی..

.........................

عائشہ کچن میں سبزیاں کاٹ رہی تھی..

زیان گھر آیا...

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم... آکر کلثوم آپا سے کہا اور اس کو آنکھ سے اشارہ کیا..

کچن میں ہیں... کلثوم آپا بھی مسکرا دیں..

وہ سب سے پہلے دادو سے ملتا اور پھر عائشہ کے پاس آتا.. یہ اس کا روز کا معمول تھا.. دادو آج اسے لان میں ہی مل گئیں..

زیان کچن میں داخل ہوا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نے دوپٹا شیلف پر رکھا ہوا تھا.. بالوں کا جوڑا کیے وہ سبزیاں کاٹ رہی تھی..

اسلام علیکم... آپ اگئے... عائشہ نے مسکرا کر دیکھا..

Posted on Kitab Nagri

وعلیکم اسلام..

زیان نے شلف کے پاس پڑی چیئر کو گھوملا اور بیٹھ گیا

اور شیلف کی دوسری جانب اس کے سامنے عائشہ کھڑی تھی..

آپ یہاں کیوں بیٹھ گئے... چینج کرلیں..

یہ سب تیاریاں کس لیئے...؟؟؟

وہ آج ارم اور فاطمہ آرہیں ہیں..اس نے مکسر اکر کہا..

اسی لیئے میری بیگم صاحبہ اتنی.......خوش ہیں آج...

Posted on Kitab Nagri

وہ ہنس دی...

میں نے بہت فورس کیا تھا.. کہ ایک رات میرے پاس بھی رک جاؤ..

زیان وہ.. میں..

کیا..؟؟ ایسے کیوں ہچکچا رہی ہو.. زیان شیلف پر کہنیاں رکھے اسے دیکھ رہا تھا...

آج آپ دوسرے روم میں سو جائیں گے...؟؟؟

شاباش....واہ جی واہ.. بہنے آئیں تو مجھے کمرے سے ہی نکال دیا.. زیان نے منہ بناتے کہا

Posted on Kitab Nagri

زیان.. ایسا نہیں ہے.. مطلب پھر میں انہیں گیسٹ روم... مجھے اچھا نہیں لگے گا.. ہم اکھٹے مل کر ساری رات باتیں کریں گے..

زیان نے گھور کر دیکھا.. اور میں کہاں جاؤں گا...؟؟؟ تمہارے بنا...

ایک رات کی تو بات ہے... اچھا چلیں آپ اپنے روم میں سع جائیں... میں ان کے ساتھ گیسٹ روم میں سو جاؤں گی. وہ مسکرا دی..

نہیں نہیں.. میں. مزاق کر رہا تھا.. تم لوگ کمفرٹیبل ہو کے سونا.... چلو ایک رات کی بات ہے.. کٹ جائے گی یہ بھی... اس نے منہ بناتے کہا...

عائشہ نے تعاسف سے سر ہلا دیا...

اچھا حور کہاں ہے...؟؟؟ زیان نے پوچھا..

Posted on Kitab Nagri

وہ دوست کی طرف گئی ہے.. شام تک آجائے گی...

اچھا... زیان نے اپنا چہرہ دونوں ہاتھوں سے پکڑا اور بازو شیلف پر رکھے اسے دیکھنے لگا...

زیان... جائیں چینج کریں...

نہیں اب میں دیکھ بھی نہیں سکتا..

ایسا کریں یہ کاٹیں بہت شوق ہے نا آپ کو کچن میں بیٹھنے کا...

توبہ کرو.. میں تو نہیں کرنے والا.. میں تو بس تمہیں دیکھوں گا...

Posted on Kitab Nagri

آپ. مجھے کنفیوز کر دیں گے.. اس طرح دیکھتے رہے تو.. میں کام کیسے کروں گی...؟؟؟

اس کے پھر سے کاٹتے کہا...

آہ..... چری اس کے انگلی پر لگی.. اور خون فوارے کی طرح نکلنے لگا..

زیان نے دیکھا.. ایک. سیکنڈ میں وہ اٹھا اور شیلف سے دوسری جانب اس کا ہاتھ پکڑا....

حد ہے یار.... اس نے اسکی انگلی پکڑی.. ٹیپ چلائی اور انگلی پانی کے نیچے کر دی...

زیان تھوڑا سا ہے بس.. سس..

چپ رہو فلحال... وہ ماتھے پر سلوٹیں لیے بولا..

Posted on Kitab Nagri

پھر پاس پڑا ٹیشو رول اٹھایا اور اس کی انگلی پر ٹیشو لپیٹنا شروع کیا...

کلثوم آپا.... وہ زور سے چینخا...

زیان.... عائشہ نے ہاتھ چھڑانا چاہا...

اس نے عائشہ کا وہی ہاتھ پکڑا اور کچن سے باہر لے آیا..

کلثوم آپا... وہ باہر آ کر چینخا..

زیان کیا کر رہے ہیں .... آہستہ....

جی بیٹا... کلثوم آپا بھاگتی آئیں...

Posted on Kitab Nagri

آئندہ یہ مجھے کچن میں نظر نا آئے..ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا...وہ زور سے بولا اور اسے کمرے میں لے گیا...

.......................

زیان نے اسے صوفے پر بٹھایا اور دراز سے فسٹ ایڈ باکس نکالا...

زیان کے ماتھے پر ابھی تک سلوٹیں تھیں...

زیان ... آپ کیا کرتے ہیں...؟؟ بلاوجہ ...

بلاوجہ.....زیان نے اس کا لفظ دہرایا...

Posted on Kitab Nagri

اور اس کی انگلی پر پینڈ تیج لگایا..

دیکھیں ہلکا سا کٹ لگا بس... اتنا اوورری ایکٹ کرنے کی کیا ضرورت تھی بھلا...

زیان نے اسے گھورا...

زیان دیکھیں.. یہ چھوٹی چھوٹی چوٹ تو لگتی رہتیں ہیں..

اس میں اتنا پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے..

تمہیں درد ہوتا مجھے سکون نہیں ملتا... زیان نے اس کا ہاتھ پکڑ کر کہا

بس آئندہ مجھے کبھی کچن میں نظر نا آؤ..

Posted on Kitab Nagri

یہ کیا بات ہوئی بھلا...زیان مجھے اچھا لگتا ہے آپ کے ل ئے کھانا بنانا...

میں نے کہہ دیا تو بس کہہ دیا...وہ یہ کہہ کر واش روم کی طرف چلا گیا..

یا اللہ..عائشہ نے تعاسف سے سر ہلایا..

........................

تم لوگوں نے دیر کر دی...

میں کب سے ویٹ کر رہی ہوں..

عاشو ساری دیر یہ فاطمہ نے کی ہے...ارم بولی..

Posted on Kitab Nagri

لو...اب تیار ہونے میں ٹائم تو لگتا ہے...میں پہلی بار عاشو کے گھر رہنے آ رہی تھی..میں بہت ایکسائیٹڈ تھی..

عائشہ مسکرا دی...

زیان بھائی کہاں ہیں..؟؟فاطمہ نے ادھر ادھر دیکھا..

وہ کمرے میں ہوں گے..میں آواز دیتی ہوں..؟؟

اچھا رہنے دیں کوئی بات نہیں...آجائیں گے وہ...ارم نے کہا..

عاشو....فاطمہ نے ایکسائٹڈ ہو کر کہا..

کیا ہوا..؟؟

Posted on Kitab Nagri

عاشو میں جب بھی آتی ہوں مجھے آپ کا گھر اتنا پسند آتا...بہت پیارا ہے

ہاہا..اچھا شکریہ ...

بس اللہ کرے مجھے بھی زیان بھائی جیسا ہزبینڈ ملے...

توبہ ہے فاطمہ..ارم نے کہا..

آمین....ایسے کیوں کہہ رہی ہو اسے...عائشہ نے ارم کو ٹوکا...

عاشو آپ نہیں جانتی ہر وقت میرا سر کھا لیتی ہے...کہ زیان بھائی یہ تو زیان بھائی وہ...

Posted on Kitab Nagri

اچھا.. کوئی بات نہیں.. تم لوگ یہ بتاؤ ماما بابا کیسے ہیں..؟؟

.

الحمداللہ ... ٹھیک ہیں.. کہہ رہے تھے کہ میری بیٹی کو بہت پیار کرنا..

آ جاتے نا وہ بھی.. عائشہ اداس ہو گئی...

عاشو.. آپ نے میری فیوریٹ ڈش بنائی ہے.. فاطمہ نے کہا.. اتنا دل کرتا ہے نا گھر میں کہ آپ کے ہاتھ کا کچھ کھائیں..

فاطمہ سو سوری بنا ہی رہی تھی کہ یہ چوٹ لگ گئی... عائشہ نے فنگر دکھائی.

اوہو.. یہ کیا ہوا...؟؟ فاطمہ اور ارم دونوں نے پریشانی سے کہا..

بس کٹ لگ گیا..؟؟

Posted on Kitab Nagri

دھیان سے عاشو.. چلیں کوئی بات نہیں پھر کبھی سہی.. زیان بھائی کو پتا...فاطمہ نے کہا

پتا....!!!انہوں نے تو کچن جانے پر پابندی لگادی...

ہائے...کتنے کیرنگ ہیں...ارم نے کہا...

اسی لئے کمرے میں منہ بنائے بیٹھیں ہیں.. اب ایسا بھی کچھ نہیں تھا...عائشہ نے کہا

اسلام علیکم زیان بھائی.. فاطمہ نے زیان کو داخل ہوتا دیکھ کر کہا..

وعلیکم اسلام.. یہ آپ کی بہن کیا برائیاں کررہی تھی میری...؟؟

ارے نہیں نہیں..بس بتارہیں تھیں... ارم بولی..

Posted on Kitab Nagri

زیان نے عائشہ کی طرف دیکھا...جو زیان کے اوورری ایکٹ کرنے کی وجہ سے منہ بنائے بیٹھی تھی..

کیسے ہیں آپ زیان بھائی..؟؟فاطمہ بولی..

میں بلکل ٹھیک ہوں.. آپ بتاؤ گڑیا کیسی ہو..؟؟

میں بھی ٹھیک ہوں..

یہ آپ کی اعزاز میں آج اپکی بہن نے مجھے بھی آفس سے جلدہ بلوالیا..

اچھا کیا مجھے آپ سے بہت کچھ پوچھنا ہے..اور بتانا بھی..؟؟فاطمہ بولی...

Posted on Kitab Nagri

اوکے...زیان مسکرادیا..

مگر عائشہ اور ارم نے پلٹ کر اس کی طرف دیکھا..

حور آجائے پھر ہم کھانا کھاتے...

عائشہ نے کہا..

گڑیا آئی نہیں ابھی تک...زیان نے حیرت سے پوچھا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

راستے میں ہے..عائشہ نے اس کی پریشانی دور کی...

اوکے...

Posted on Kitab Nagri

عاشو ہم دادو سے مل آئیں.. ارم اور فاطمہ اٹھ کر کھڑی ہوئیں..

اوکے..

ان کے جانے کے بعد عائشہ بھی اٹھی.. زیان اسے مسلسل دیکھ رہا تھا..

عائشہ رکو...

عائشہ نے زیان کی طرف نہیں دیکھا.. مگر رک گئی..

کب تک ناراض رہنا ہے.. وہ اٹھ کر اس کے سامنے آیا..

میں ناراض نہیں ہوں..

Posted on Kitab Nagri

نظر آ رہا ہے مجھے..

اچھا نا سوری.. مجھے ایسے غصہ نہیں کرنا چاہئے تھا.. سوری.. مگر تم تو جانتی ہو نا.. مجھے غصہ آ جاتا ہے... سپیشلی جب بات میری فیملی سے ریلیٹڈ ہو..

آپ کو کلثوم آپا کو ایسے نہیں کہنا چاہئے تھا.. وہ بڑی ہیں..

عائشہ میں سوری کر چکا ہوں ان سے.. اور وہ جانتی ہیں میں کبھی بھی دل سے نہیں کہتا..

عائشہ مسکرا دی...

اللہ تیرا شکر... زیان بھی مسکرایا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

زیان نے اس کا ہاتھ پکڑا .

میری وجہ سے لگ گئی نا..اس نے افسوس سے کہا..

زیان ہاتھ چھوڑیں کوئی آجائے گا..

چلو جی..ایک تو تمہیں ڈر بہت لگتا..یار شوہر ہوں میں تمہارا..

تو اس کا مطلب سر عام رومینس شروع کر دیں گے آپ...

اب ایسا بھی نہیں ہے...مگر مجھے اس میں بھی کوئی پروبلم نہیں ہے...زیان نے آنکھ مارتے کہا..

چھوڑیں..جانے دیں اب....

Posted on Kitab Nagri

اوکے..جی..جائیں زیان اس کے سامنے سے ہٹ گیا

شکریہ....!!عائشہ مسکراتے چلی گئی..

اور زیان وہیں بیٹھ کر فون میں مصروف ہو گیا...

......................

ہائے۔۔!!!

زیان صوفے پر ہی موبائل میں مصروف تھا کہ حاشر آیا..

ہائے..تم کیسے آ گئے...زیان نے شکی نگاہوں سے دیکھا...

Posted on Kitab Nagri

کیا مطلب..؟؟؟ وہ زیان کے سامنے صوفے پر بیٹھ گیا..

انجان نا بن.. یہ ڈرامے بند کر...

مجھے سچ میں سمجھ نہیں آ رہا کہ تم کیا کہہ رہے ہو..؟؟

تمہیں نہیں پتا کہ کون آیا ہے آج..؟؟

نہیں کون آیا ہے...؟؟

.آپ کی منگیتر صاحبہ.....

ہاہا... نہیں مجھے نہیں پتا تھا... کہاں ہے..؟؟

Posted on Kitab Nagri

زیان نے اسے گھورا..

بیٹا منگیتر ہے بیوی نہیں..

ہاں تو تم لوگوں کو کونسا میرا خیال ہے.. یار اس غریب کا کچھ سوچ لو...

سوچتے ہیں.. سوچتے ہیں.. زیان مسکرایا..

زیان آجائیں.. ارے حاشر بھائی آپ...

اسلام علیکم بھابھی...مجھے سچ میں نہیں پتا تھا کہ میری منگیتر یہاں ہے...

ہیں.. میں نے تو کچھ کہا ہی نہیں...

Posted on Kitab Nagri

یہ ہیں نا آپ کے شوہر کہنے کے لئے...

آپ اگنور کر دیا کریں.. عائشہ نے مسکراہٹ دباتے کہا..

زیان نے اسے گھورا... حاشر نے مسکرا کر نظریں نیچے کر لیں...

...............

سب لڑکیاں عائشہ کے روم میں بیٹھی ہوہی تھیں...

ارم اور عائشہ بیڈ پر بیٹھے ہوئے تھے.. اور فاطمہ اور حور صوفے پر بیٹھیں لیب ٹاپ پر کچھ دیکھ رہی تھیں..

Posted on Kitab Nagri

پھر اٹھ کر عائشہ کے پاس آ گئیں..

ارے آپ کے ہاتھ پر کیا ہوا..میں نے نوٹ ہی نہیں کیا..حور نے ہاتھ پکڑ کر کہا..

بس ہلکا سا کٹ لگ گیا.

مطلب آج گھر میں طوفان آیا ہو گا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عائشہ بھی ہنس دی...

بھائی ایسے ہی کرتے ہیں..میں بھی اگر چھوٹے ہوتے کبھی گر جاتی تھی..توبہ کسی کی خیر نہیں ہوتی تھی...

زیان بھائی کو بہت غصہ آتا ہے...؟؟ارم.نے کہا..

Posted on Kitab Nagri

جلدی ہائپر ہو جاتے ہیں.. مگر تھوڑی دیر میں ٹھیک بھی ہو جاتے ہیں.. اور ان کے خیال میں انہیں جائز باتوں پر ہی غصہ آتا ہے... عائشہ نے کندھے اچکا کر کہا...

عاشو.. آپ کو پتا وہ ریاض انکل تھے. نا. کچھ دن پہلے ان کی بیٹی کی ڈیتھ ہو گئی.. بہت بیمار ہو گئی تھی.. فاطمہ بولی

اوہو بہت افسوس ہوا... عائشہ نے اداس ہو کر کہا...

یار مجھے تو عزرائیل سے ڈر ہی لگتا.. پتا نہیں کب لینے آجائے آئیں.. اللہ تعالیٰ نے بھی ان کی ہی ڈیوٹی لگائی ہے.. وہ ہنستے ہنستے بولی..

حور اور امبر مسکرا دیں.. اللہ تمہیں لمبی صحت والی زندگی دیں...عائشہ نے کہا..

آمین سب بولے...

Posted on Kitab Nagri

تمہیں پتا کہ عزرائیل ہی کیوں..؟؟ یہ ڈیوٹی کسی اور فرشتے کی کیوں نہیں ہے..؟؟ عائشہ نے کہا

.

ایسا کیوں..؟؟ اس بار حور بولی..

پتا ہے..اللہ تعالی نے جب فرشتوں کو بھیجا کہ جاؤ زمین سے مٹی لے کر آؤ... میں زمین پر اپنا خلیفہ بناؤں گا..

تو حضرت جبرائیل جب مٹی لینے گئے تو زمین نے انکار کر دیا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مٹی دینے سے..؟؟؟ فاطمہ نے پوچھا..

ہم..زمین نے کہا..کہ یہ انسان کو یہاں فساد برپا کر دے گا..تباہی مچائے گا..گناہ کرے گا..اور مجھے رب تعالی کے عزاب سے ڈر لگتا ہے..میں تو نہیں دوں گی..

Posted on Kitab Nagri

حضرت جبرائیل واپس چلے گئے.. پھر اسرافیل آئے.. میکائیل آئے.. مگر زمین نے انہیں بھی انکار کر دیا..

پھر حضرت عزرائیل آئے.. مگر زمین نے انہیں بھی یہی بات کہی... مگر انہوں نے کہا.. کہ میرے تو اللہ کا حکم ہے.. میں تو لے کر ہی جاؤں گا... انہوں نے مٹی لی اور اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوگ ئے.. تو اللہ پاک نے فرمایا کہ عزرائیل تو یہ مٹی لے کر آیا ہے نا.. میں تجھے ہی ہمیشہ کے ل ئے س دنیا کہ انسانوں کی جان قبض کرنے کے لئے مقرر کروں گا..

تو عزرائیل نے فرمایا.. کہ رب العالمین یہ دنیا والے تو میرے دشمن ہو جائیں گے وہ تو مجھے گالیاں دیں گے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فاطمہ اور ہلکا سا ہنس دیں..

تو اللہ تعالی نے فرمایا کہ وہ تجھے مجرم نہیں گردانیں گے.. میں انہیں ان کے مرض میں مبتلا کر دوں گا... کسی کو ڈبو کر کسی کو جلا کر تو کسی کو کسی مرض میں مبتلا کر دوں گا...

بس اسی لئے دیکھو حضرت عزرائیل کی ڈیوٹی ہے یہ... کسی کی موت کا سبب کچھ نا کچھ ہوتا ہے...

Posted on Kitab Nagri

واؤ گریٹ... حور نے کہا...

اتنی دیر میں فون بجا ...

اوہ سوری عاشو میری دوست کا فون ہے.. حور نے اٹھایا..

.

کوئی بات نہیں آپ بات سن آؤ...

حور چلی گئی.....

فاطمہ کچھ دیر خاموش بیٹھی رہی...

Posted on Kitab Nagri

عاشو میں زیان بھائی کے پاس جا رہی ہوں.. مجھے ان سے بات کرنی ہے..

کیا...؟؟ ارم نے کہا...

عاشو پلیز...

اوکے.. جاؤ... میں نے کب روکا ہے.. وہ گیسٹ روم میں ہوں گے...

اوکے ...وہ یہ کہہ کر چلی گئی..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے کیا ہوا... اس نے کافی دنوں سے یہی رٹ لگائی ہوئی ہے...

ارم بولی ..

Posted on Kitab Nagri

ہو گی کوئی بات چھوڑو تم...

......................

زیان بھائی میں اندر آ سکتی ہوں...

فاطمہ نے دروازہ نوک. کیا..

یس پلیز...زیان بیڈ پر بیٹھا تھا...

وہ. اندر آئی...

بیٹھو...زیان نے صوفے کی طرف اشارہ کیا...

Posted on Kitab Nagri

جی...

زیان بھائی مجھے آپ سے بات کرنی ہے.. اس نے اداسی سے کہا..

کہو گڑیا...

فاطمہ نے نظریں جھکا دیں...

کیا ہوا ہے...زیان اٹھا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور سب سے پہلے تو دروازہ پورا کھول دیا...شاید وہ اسلام کے تقاضے جانتا تھا....

فاطمہ یہ دیکھ کر مسکرادی..عاشو کہاں ملے گا آپ.کو زیان بھائی جیسا انسان...اس نے دل میں سوچا...

Posted on Kitab Nagri

پھر زیان نے چئیر پکڑی اور اس کے سامنے بیٹھ گیا..

بولو...اب...

وہ رو دی...

فاطمہ.. کیا ہوا ہے..؟ کوئی پریشانی ہے...؟؟

بھائی زیان وہ... اس دن......عبید

زیان سمجھ گیا کہ وہ کیا کہنا چاہ رہی ہے..

Posted on Kitab Nagri

زیان نے ایک لمبا سانس لیا..

آپ پتا نہیں کیا سوچتے ہوں گے میرے بارے میں....وہ نظریں جھکائے بول رہی تھی..

میں کچھ بھی نہیں سوچتا...اور آپ بھول جاؤ...اسے...

زیان بھائی میں آپ کو بتانا چاہتی ہوں...

اگر تو آپ اس لیے بتا رہی ہو کہ میں آپ کو غلط سمجھ رہا تو ایسا نہیں ہے...میرے لیے تو آپ بھی گڑیا جیسی ہو..میں کیوں غلط سوچوں گا...اور غلطیاں انسانوں سے ہی ہوتی ہیں.

ہاں اگر آپ شئیر کرنا چاہتی ہو تو....بتا دو؟

وہ مجھے دھوکے سے بلایا تھا..

Posted on Kitab Nagri

تو آپ گئی ہی کیوں...؟؟

اس نے کہا تھا کہ وہ پسند کرتا.. اور میں نے منع کر دیا تھا.. کیوں کی عاشو نے سمجھایا تھا.. تو وہ بار بار تنگ کرنے لگ گیا.. پھر کہا کہ آخری بار مل لو.. میں آئندہ کبھی تنگ نہیں کروں گا... میں اسے سمجھانے گئی تھی مگر وہ تو... ایک آنسو اس کی آنکھ سے بہہ گیا .

دیکھو.. فاطمہ ... اس دنیا میں ہر انسان اچھا نہیں ہے.. ہم جیسا سوچتے ہیں ضروری نہیں کہ ہر انسان ویسا ہی سوچتا ہو. اپنی فیملی کے علاوہ کسی پر ٹرسٹ نہیں کرتے.. یہاں تو قدم قدم پر انسانوں کے روپ میں جانور ہیں.. جو اوپر سے اتنا میٹھا بنتے کہ انسان نا چاہتے ہوئے بھی دھوکے میں آجاتا...

آپ. کی فیملی کے علاوہ کوئی بھی آپ سے اتنی محبت نہیں کر سکتا.. جب تک کہ وہ محرم رشتہ نا ہو ...

مگر زیان بھائی آپ. بھی تو اتنے اچھے ہیں...

Posted on Kitab Nagri

تمہیں پتا ہے.. جب کبھی آفس میں.. میں عائشہ کو کہیں لے جاتا تھا.. میٹنگ یا ویسے گھر چھوڑ تا تھا.. تو وہ پہلے اپنے بابا سے اجازت لیتی تھی.. انہیں ساری سیچیوشن بتاتی تھی.. مجھے اس وقت حیرت ہوتی تھی.. مگر اب سمجھ آتا کہ وہ محتاط رہتی تھی.. کوئی بھی پروبلم ہو اپنی فیملی کو بتاتے ہیں.. ان سے شئیر کرتے ہیں.. اکیلے ہی نہیں لڑنے نکل پڑتے.. میں عورت کو کمزور نہیں کہتا مگر یہ مردوں کا معاشرہ ہے.. یہاں عورت کو کچھ سمجھا ہی نہیں جاتا.. اس لئے محتاط بھی رہو اور ہر پروبلم ہر بات اپنے بابا سے شئیر کرو.. عائشہ سے کرلو.. مجھ سے کرلو...

جی بھائی مگر. وہ...ابھی....

کیا..؟؟

وہ ابھی بھی کالج کے باہر آجاتا.. ایک دو دفعہ وین میں جانے لگی تھی میں تو راستے میں روکا تھا...

زیان کے ماتھے پر سلوٹیں پڑنا شروع ہوئیں..

آپ وین میں نہیں جاؤ گی آئندہ...

Posted on Kitab Nagri

جی. ؟؟اس نے نا سمجھی سے کہا..

آپ. کو راشد بابا چھوڑ کر بھی آئیں گے اور لے کر بھی...

.مگر بھائی بابا...

میں انکل سے خود بات کر لوں گا.... اوکے پریشان نہیں ہونا..

اس کا نمبر یا ایڈریس پتا ہو گا آپ کو..؟؟

جی.. نمبر ہے..

اوکے مجھے سینڈ کر دینا.. اور ریلکس... اب رونا نہیں.. اور پریشان نہیں ہونا..

Posted on Kitab Nagri

بہت پیاری سی گڑیا ہو آپ تو...وہ. مسکرا دیا...

تھینک یو..بھائی...

.........................

عاشو مجھے آپ سے بات کرنی ہے...ارم نے عائشہ سے کہا..

ہاں بولو...؟؟

وہ حاشر کہہ رہے تھے کہ...اس نے نظریں جھکا لیں

Posted on Kitab Nagri

شادی کا...؟؟

جی....

میں بھی سوچ رہی تھی کہ بابا سے بات کروں..حاشر نے زیان سے بھی کہا تھا..

مگر عاشو..مجھے ڈر سا لگتا ہے...؟؟؟

کیوں ڈر کس بات کا..؟؟؟

یہی شادی کا..ایسے دوسرے گھر میں سیٹ ہونا..پتا نہیں میں ان کے ساتھ موو کر پاؤں گی یا نہیں..

Posted on Kitab Nagri

اوہو.. سب ہو جاتا.. ویسے بھی حاشر بھائی تو اتنا پیار کرتے تم سے.. اتنا احترام کرتے ہیں..

مگر آپی اکیلے رہنا زیادہ آسان نہیں ہے...؟؟

یہ لگتا ہے بس.. ورنہ ہر انسان کو ایک ساتھی کی ضرورت ہوتی ہے.. اب تم خود بتاؤ جنت میں کس چیز کی کمی تھی... مگر حضرت آدم اداس رہتے تھے نا.. کیوں کہ ان کے پاس کوئی ساتھی نہیں تھا.. جس سے وہ باتیں کریں.. جو ان کا ساتھ دے.. اسی لئے تو اللہ نے پھر حضرت حوا کو تخلیق فرمایا...

ارم. مسکرادی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حاشر میرا خیال تو رکھتے ہیں.. مگر پھر بھی نا جانے کیوں ڈر سا لگتا.. کہ یہ کوئی خواب نا ہو جو ٹوٹ جائے..

Posted on Kitab Nagri

اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتے.. وہ تو اپنے بندوں سے اتنا پیار کرتے ہیں.. ایک آنسو ایک سجدہ پر تھوڑی سی ندامت پر کتنے بڑے بڑے گناہ معاف فرما دیتے ہیں.. مایوس کبھی مت ہو.. ہوتا وہی ہے جو ہمارے حق میں بہتر ہوتا ہے.. بس ہم نادان سمجھ ہی نہیں پاتے...

اگر اللہ نے حاشر کو تمہاری زندگی کا ساتھی چنا ہے.. تو اس میں بھی تمہاری بہتری ہے.. اور قران پاک میں ارشاد ہے نا.. کہ. نیک مردوں کے لئے نیک عورتیں اور برے مردوں کے ل ئے بری عورتیں... بس یقین رکھو اگر تم صاف نیت.. خلوص.. محبت رکھتی ہو تو اللہ تمہارا ساتھی بھی ایسا ہی چنیں گے.. بس ہم اپنے آپ کو دیکھیں.. اپنے آپ کو پرکھیں.. اپنی نیت صاف رکھیں.. اپنے آپ کو سیدھے رستے پر لائیں تو اللہ کا وعدہ ہے نا کہ آپکا ساتھی بھی ایسا ہی ہو گا...

تو بس یقین رکھو.. اللہ تعالی کبھی اپنا وعدہ نہیں توڑتے اگر آپ اچھے ہو تو انشااللہ آپ. کا ساتھی بھی اچھا ہو گا.. جب یہ خود اللہ نے فرما دیا ہے تو کیا اس میں کوئی شک بچتا ہے..

ٹھیک کہہ رہی ہیں آپ... ارم مسکرا دی..

میں بابا سے بات کرتی ہوں...

Posted on Kitab Nagri

آپی دراصل بابا ایکسپنسز کو لے کر تھوڑا.... ارم نے بات مکمل نہین کی..وہ.مجھ سے تو ذکر کرتے نہیں.. مگر ماما سے تھوڑا اندازہ.ہوا مجھے .

اچھا ..یہ کوئی بڑا مسئلہ ہے بھی نہیں... میرے پاس کچھ سیونگز ہیں.. مگر تم بابا کو نا بتانا اوکے میں امی سے بات کروں گی...

اوکے تھنک یو آپی ...

چلو اب ریلکس رہو..اور حاشر کو بھی پریشان نا کیا کرو... آج لگ رہا تھا مجھے کہ تم نے کچھ کہا ہے اسے..اب سوری کر لینا اس سے...

جی آپی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

..............................

سر میں آسکتی ہوں..؟؟ مسکان آفس مین داخل ہوئی..

جی جی...زیان نے کام میں مصروف کہا..

وہ اپنا لیب ٹاپ اٹھائے آئی..

سر یہ آپ ایک دفعہ چیک کر لیں پلیز..

جی لائیے...

وہ زیان کے پاس گئی. اور اس کی چئیر کے ساتھ کھڑی ہو گئی..اس نے لیب ٹاپ ٹیبل پر زیان کے سامنے رکھا اور جھک کر بتانے لگی کہ ہیلز کی وجہ سے اسکا پاؤں لڑ کھڑ ایا..

اور وہ گرنے لگی.. تو زیان کے بازو کا سہارا لیا..

Posted on Kitab Nagri

دھیان سے مس مسکان... زیان نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے کھڑا کیا..

سوری سر ...

کوئی بات نہیں...

جی دیکھائیں آپ مجھے...؟؟

جی سر...وہ یہ کہہ کر لیب ٹاپ سے انہیں فائلز دیکھانے لگی..ساتھ ساتھ وہ ایک. نظر زیان کو بھی دیکھتی تھی..

ویلڈن مس مسکان..امپریسیو...زیان نے مسکرا کر کہا..

تھینک یو سر...

Posted on Kitab Nagri

..................

زیان...عائشہ اس کے پاس آ کر بیٹھ گئی..

ہم....اس نے موبائل سائڈ پر رکھا اور مکمل اس کی طرف متوجہ ہو گیا..

وہ مسکرایا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زیان وہ ارم کی شادی....

میں بھی سوچ ہی رہا تھا...

میرے خیال میں تم. انکل سے بات کر لو....

Posted on Kitab Nagri

اور حاشر کی فیملی انکا کیا خیال ہے...؟؟؟

حاشر کی فیملی تو ریڈی ہے...زیان نے مسکرا کر کہا

اوکے بس مجھے یہی پوچھنا تھا..کل میں جاؤں گی بابا کے پاس..

اوکے..چلی جانا...زیان نے اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں پکڑے...

وہ مسکرا دی..

عائشہ مے آئی کم ان... حور نے دروازہ نوک کیا..

یس...زیان بولا..

Posted on Kitab Nagri

عائشہ نے اپنے ہاتھ چھڑانے چاہے مگر.. زیان نے زور سے پکڑا..

عاشو. کیا آپ تھوڑی دیر کے ل ئے میرے روم میں آسکتی ہیں..؟؟

اس نے کمرے میں داخل ہوتے کہا..

ہاں ضرور میں آئی...

نہیں آپ بھائی سے بات کرلیں پھر آجایئے گا...اس نے زیان کو دیکھ کر کہا.. جس پر وہ بھی مسکرادیا...

حور کے جانے کے بعد...

زیان ہاتھ چھوڑیں میرا.. آپ ذرا خیال نہیں کرتے کہ کوئی آیا ہے...

Posted on Kitab Nagri

حور کچھ نہیں سوچتی.. اتنی نیرو مائنڈیڈ نہیں ہے اور یار میں اپنی بیوی کا ہاتھ پکڑ کر بیٹھا ہوں.. شرم تب کروں جب میں کوئی غلط کام کروں..تب لوگوں کو عجیب نہیں لگتا.. مگر جب کوئی بیوی سے اظہار کرے تو لوگوں کو شرم آتی ہے...

مطلب زیان کوئی پر اویسی بھی ہوتی ہے...بروڈ مائنڈیڈ لوگ بھی فیل کرتے ہیں...

پھر وہ بروڈ مائنڈڈ نہیں ہیں... تنگ نظر ہوں گے...

کیا مطلب..؟؟

یار دیکھو صحابہ اکرام نے مسجد نبوی میں بیٹھ کر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا کہ آپ کو اس دنیا میں سب سے زیادہ محبت کس سے ہے... تو کیا فرمایا تھا انہوں نے..؟؟؟

حضرت عائشہ سے.....وہ فورا بولی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

تو حضرت عائشہ کون تھیں..؟؟ان کی وائف..

جب وہ مسجد نبوی میں بیٹھ کر اتنے صحابہ کے سامنے کہہ رہے ہیں کہ مجھے اپنی بیوی سے سب سے زیادہ محبت ہے..تو اس کا کیا مطلب ہوا کہ اظہار محبت کرنا بیوی سے سب کے سامنے غلط ہے.؟؟اگر غلط ہے تو پھر انہوں نے کیوں کہا...؟؟؟

انہوں نے بتانا چاہا ہے کہ بیوی سے محبت کرو..اس کا اظہار کرو.. مگر یہاں ہمارا تنگ نظر معاشرہ.. کپڑوں اور حلیہ کو ماڈرن بنا کر یہ لوگ سمجھتے کہ یہ براڈ مائنڈڈ ہیں..ہرگز نہیں.. سوچ وسیع کرنی چاہئے..چیزوں کو ایکسپٹ کرنا آنا چاہئے.... بیوی ایک محرم رشتہ ہے ..

اور تم..میں تو کروں گا...دنیا کو چیخ چیخ کر بتاؤں گا.. کہ میں...زیان جاوید...عائشہ سے محبت کرتا ہوں... ساتھ ہی وہ ہنس دیا..

عائشہ بھی ہنس دی..

میں جاؤں اب..؟؟

Posted on Kitab Nagri

جاؤ...میں نے کونسا پکڑا ہے....

ہاتھ چھوڑیں....عائشہ نے ہاتھوں کی طرف اشارہ کر کے کہا...

اوہ سوری...

وہ. مسکراتی چلی گئی...

.........................

حور...

Posted on Kitab Nagri

آجائیں... بھائی نے چھوڑ دیا... وہ ہنس کر بولی..

عائشہ مسکرا دی... بس چھوڑ ہی دیا...

کیا ہوا تم نے کوئی بات کرنی تھی...

جی ... میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتی ہوں..

جی بولو...

عاشو... میں پریشان رہتی ہوں.. مجھے سکون نہیں ملتا.. مجھے لگتا میرے دل پر کوئی بوجھ ہے... جو مجھے چین سے نہیں رہنے دیتا...

اچھا ... کسی چیز کی. پریشانی ہے... کوئی بات یا کوئی سٹریس ہے...

Posted on Kitab Nagri

نہیں.. میں پہلے ایسے کبھی نہیں محسوس کیا.. مگر اب... میں نے کل تلاوت سنی تھی.. مجھے لگا مجھے سکون ملے گا.. مگر میں تو یہ سوچ رہی ہوں کہ عاشو میں نے بہت گناہ کر دی ئے ہیں.. مجھے معافی نہیں ملنی..

یہ. کس نے کہا.. معافی مانگو تو... اللہ پتا ہے کتنا پیار کرتے ہیں ہم سے.. ایک دفعہ توبہ کر کے تو دیکھو..

پھر سے گناہ ہو جاتا.. اور وہی گناہ بار بار دہراتی رہتی ہوں.. پھر شرم آتی ہے اللہ سے کہتے ہوئے کہ مجھے معاف کر دیں.. پتا نہیں اندر کونسا شیطان ہے جو باز ہی نہیں آتا...

دیکھو اللہ تعالی نے مخلوق کو پتا کیسے تقسیم کیا ہے..؟؟

کیسے..؟؟

ایک وہ جن کے پاس عقل ہے... مگر وہ نفس سے محفوظ ہیں.. یعنی کہ فرشتے..

Posted on Kitab Nagri

اور دوسرے وہ جن کے پاس نفس تو ہے مگر عقل نہیں.. یعنی حیوانات..

اور تیسرے جن کے پاس عقل. بھی ہے اور نفس بھی... یعنی ہم. انسان...اور جنات

پتا ہے نفس پر قابو کرنا بہت مشکل کام ہے... یہ نفس ہمارے اندر کا شیطان ہے.. ہمیں عقل کی وجہ سے سمجھ آتا ہے کہ کیا درست ہے اور کیا غلط... مگر ہمارا نفس اس پر حاوی ہو جاتا ہے ..

تو خود پر قابو کیسے کیا جائے...؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پتا ہے ہدایت اور اللہ کی محبت کبھی بھی بن مانگے نہیں ملتی.. گڑ گڑانا پڑتا ہے.. دعا مانگنی پڑتی ہے.. اللہ کو منانا پڑتا ہے..

میں اللہ کو کیسے مناؤ...؟؟

Posted on Kitab Nagri

ان سے باتیں کرو... اپنا دکھ بتاؤ.. اپنے گناہوں کی معافی مانگو... قران پڑھو سب سے زیادہ سکون قران اور نماز میں ہے.. اللہ کو دوست بناؤ پھر دیکھا.. کوئی ڈر کوئی خوف نہیں رہتا.. پھر تو انسان کو موت سے بھی ڈر نہیں لگتا... جس دن انسان اپنے نفس پر قابو پالیتا ہے نا.. وہ پھر اس دنیا سے بے گانا ہو جاتا ہے... اور اللہ کی محبت پوری طرح اس کے دل میں سما جاتی ہے...

میں ابھی نماز پڑھتی ہوں....

لیکن میں تو ہر وقت یہ جینز ٹوپز.. اس طرح کے کپڑے پہنے رکھتی ہوں... اللہ کو تو پسند نہیں ہے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں بلکل... اگر بدلنا ہوا خود کو تو یاد رکھنا ہمیشہ اللہ کے لیئے بدلنا.. اس دنیا کے لیئے نہیں..

مجھ سے نہیں ہو گا... میں ایزی نہیں رہوں گی...؟؟؟ بہت مشکل ہے...

Posted on Kitab Nagri

میں کونسا کہہ رہی ہوں کہ کل ہی برقع پہن لو.. جتنا اسانی سے کر سکو اتنا کرلو.. ایک بات کا یقین دلاتی ہوں.. تم زیادہ ایزی ہو گی...اور یہ تم خود محسوس کرو گی....

حور مسکرادی....

میں چلتی ہوں...زیان کی کافی...وہ. مسکرادی...

تھینک یو...مجھے اب سمجھ آیا بھائی آپ سے اتنی محبت کیوں کرتے ہیں.. آپ اے محبت ہو جاتی ہے....

عائشہ مسکرادی....

عاشو بھائی بہت لکی ہیں...اس نے مسکرا کر کہا

نہیں.. میں بہت لکی ہوں...عائشہ نے. مسکرا کر کہا..

Posted on Kitab Nagri

.........................

رمشا.... تمہیں نہیں پتا یار...وہ شخص بہت ہینڈ سم ہے..اور یار کیرینگ اتنا ہے نا... کہ پوچھو ہی مت...

مسکان اپنی دوست سے کہہ رہی تھی..وہ مسکان کے فلیٹ میں اس سے ملنے آئی تھی..

کون...باس تمہارا...؟؟

ہاں یار ....

تمہیں کیسا پتا....؟؟ کہ کیرینگ ہے..؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

یار اپنی بیوی پر جان دیتا وہ... میرا تو دل آ گیا ہے اپنے باس پر ....

شادی شدہ ہے وہ...؟؟؟

ہاں شادی شدہ ہے...

تو جو شخص اپنی بیوی سے اتنی محبت کرتا ہو وہ بھلا کسی اور میں دلچسپی کیوں لے گا....

دیکھتا تو وہ واقعی کسی کی طرف نہیں.. مگر میں بھی مسکان ہوں...وہ شیطانی مسکراہٹ لئے بولی...

جو بھی ہو مرد مرد ہی ہوتا.. میں بھی اپنے لئے پاگل کر کے رہوں گی...پہلے میں اس کی بیوی سے تو ملوں.. ایسا ہے کیا جو باس کو دیوانہ بنا رکھا ہے....

یار تمہارے کیا ارادے ہیں اب...؟؟

Posted on Kitab Nagri

تم. جانتی ہو.. مجھے جلدی کوئی مرد پسند نہیں آتا... مگر زیان سر کو تو میں حاصل. کر کہ رہوں گی.. شاید شکل و صورت کے لئے میں پاگل نا بھی ہوتی.. مگر اس کی کئیر مجھے اس کی طرف کھینچے چلے جاتی ہے... اس نے جب ہاتھ پکڑ کر کھڑا کیا مجھے میں تو اسی وقت پاگل ہو گئی تھی اس شخص کے لئے...

مطلب تم اسے اسکی بیوی سے دور کرو گی... اور اسکی بیوی ہوتے ہوئے بھی.... یار... تم... ایسا ...... رمشا حیرت سے اسے دیکھے جا رہی تھی... جو سوچوں میں گم. تھی...

یہ تو نہیں جانتی میں... مگر... اسے حاصل. ضرور کروں گی... وہ سوچنے لگی...

..............

کلثوم آپا.. میں سٹڈی روم میں ہوں ..

جی بیٹا جی...

Posted on Kitab Nagri

عائشہ سٹڈی روم مین چلی گئی...

کہاں رکھ دی میں نے وہ والی بک....

کچھ دیر وہ یونہی ڈھونڈھتی رہی..

کہ اسے اوپر بک شیلف میں نظر آگئی..

کلثوم آپا بھی نا...اس نے اٹھانے کی کوشش کی مگر وہ اوپر تھی..

اس نے پاؤں پر اوپر اٹھنے کی کوشش کی..

اتنی دیر میں زیان نے وہ بک اتار کر اسے پکڑا دی..

آپ...اس نے بک پکڑی اور مسکرا دی..

Posted on Kitab Nagri

مگر زیان نے اسے پیچھے سے پکڑا اور اسے اپنے بازؤں میں لے کر پیچھے سے سر اس کے کندھے پر رکھ دیا...

زیان.. کیا کر رہے ہیں آپ..؟؟؟

کچھ نہیں...زیان نے اپنی آنکھیں بند کر لیں...

انسان تھکا آتا ہے.. تھوڑا ریسٹ کریں سکون ملے آپ کو...

میں سکون کی تلاش میں آیا ہوں...اس نے اس کے کندھے پر اپنی ٹھوڑی رکھے آنکھیں بند کئے بولا..

تو ایسے آپ کو سکون ملتا ہے...وہ ابھی تک زیان کی باہنوں کے حصار میں تھی...

ہم...زیان آنکھیں بند کیے صرف اسے محسوس کر رہا تھا..

Posted on Kitab Nagri

عائشہ کے دل. کی دھڑکن تیز ہو گئی...

زیان بس کریں.. کوئی آ جائے گا.. یہ آپ کا کمرہ نہیں ہے...

زیان نے آنکھیں کھولیں..

تو کمرے میں چلیں... اس نے اس کے کان کے قریب آہستہ آواز میں کہا...

چینج کریں جا کر... عائشہ کے گال شرم سے سرخ ہو گئے. اس نے نظریں جھکا لیں..

زیان مسکرا دیا...

اور اس کے سامنے آیا...

Posted on Kitab Nagri

زیان نے اس کے سر پر بوسہ دیا..

عائشہ نے اپنی آنکھیں زور سے بند کر لیں...

کافی پلا دو...؟؟

اوکے آپ. چلیں میں لاتی ہوں...

ہم...وہ. یہ کہہ کر کمرے سے نکل گیا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زیان... ارم کی شادی ڈیٹ دو ہفتوں بعد فکس ہو گئی ہے...

اچھا... تم گئی تھی آج..؟؟ مجھے بتایا نہیں.. اس نے ٹی وی دیکھتے کہا..

Posted on Kitab Nagri

زیان میں نے بتایا تھا... آپ بھول گئے...

اچھا... اس نے نیوز چینل پر لگایا...

جہاں مسلسل ایک خبر آ رہی تھی..

ریپ کیس.. بارہ سال کی بچی کو نہر میں پھینک دیا گیا..

عائشہ نے مڑ کہ نیوز سنی..

حد ہے ہمارے معاشرے میں ہو کیا رہا ہے...؟؟

Posted on Kitab Nagri

عائشہ خوف سے وہیں جمی کھڑی تھی..

زیان نے اسے نہیں دیکھا..

خوف کے مارے اس کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے...

عائشہ کیا ہوا چپ کیوں ہو گئی..زیان نے اس کی طرف دیکھا..

جو خوف سے ٹی وی کی طرف دیکھ رہی تھی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عائشہ وہ فورا اٹھا..

اور اس کی طرف بھاگا...

Posted on Kitab Nagri

مگر پھر واپس پلٹا اور ٹی وی بند کر دیا...

عائشہ کیا ہوا...؟؟

زیان نے اسے صوفے پر بٹھایا ...

اور خود اس کے سامنے ہی گھٹنوں پر نیچے بیٹھ گیا..

آنسو اس کی آنکھوں سے بہہ رہے تھے.. ہاتھ کانپ رہے تھے.. وہ ہچکیاں لینے آئی..

زیان نے فوراً ٹیبل پر پڑے جگ سے پانی ڈال کر اسے پلایا..

اس نے کانپتے ہاتھوں سے پکڑا..

زیان....وہ...وہ...وہ ٹی وی کی طرف اشارہ کر رہی تھی.. ساتھ ساتھ مشکل سے سانس لے رہی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ریلکس..کچھ بھی تو نہیں تھا...زیان حیرت اور پریشانی دونوں سے اسے دیکھ رہا تھا..

زیان نے اس کا ہاتھ پکڑنا چاہا.. مگر عائشہ ڈر گئی..

زیان نے فورا پیچھے کیا...

اوکے اوکے...ریلکس.....

وہ چھ چھوٹی..بچی.....

زیان نے اس کے آنسو صاف کئے....

عائشہ بھول جاؤ..کچھ نہیں تھا..اوکے..ریلکس.....

Posted on Kitab Nagri

اور ساتھ ساتھ کچھ سوچنے لگا..

کہ وہ اتنا کیوں ڈر گئی ہے ..

..ــ.................

حاشر... میں بتا رہی ہوں مجھے یہ مت کہیے گا کہ تم میری جیب خالی کرا دیتی ہو...

وہ دونوں شاپنگ مال میں گھوم رہے تھے..

ہاں تو کروا ہی دی ہے...

حد ہے..؟؟ جائیں میں آپ سے بات ہی نہیں کر رہی... ویسے حاشر یہ میرا حق ہے..

Posted on Kitab Nagri

اپنی بہن سے کچھ سیکھو...زیان کو تھوڑی بھی فضول خرچی نہیں کرنے دیتی...

یہ فضول خرچی ہے...؟؟ غریب نہیں ہونے لگے آپ...اور ویسے بھی اگر غریب ہو بھی جائیں تو کیا آپ کا شوق پورا ہو جائے گا...

میرا کونسا شوق ہے..؟؟

یہ غریب بننے کا...یاد ہے جھوٹ بولا تھا مجھ سے کہ غریب ہوں میں؟؟

اس بات کو تم .نے کب تک سنانا ہے...؟؟ اس نے بے زار ہوتے کہا..جو کہ یہ بات چالیس بار سن چکا تھا..

میں یہ بات مرتے دم تک سناؤں گی...

Posted on Kitab Nagri

او.. میڈم ویسے غریب آپ نے مجھے کہا تھا میں نے نہیں یاد ہو تو..؟؟ میں نے بس تمہاری غلط فہمی دور نہیں کی تھی..

ہنہ...ارم منہ بنا کر چل دی..

ارم یہ دیکھو..؟؟

کیا...؟؟

حاشر نے مال میں ایک جگہ اشارہ کرتے کہا..

یہاں پہلی بار ملا تھا نا تم سے...وہ. مسکرایا..

جی...ارم. بھی مسکرا دی.. آپ. کو یاد تھا..؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جی بلکل...مجھے اندھا کہا تھا تم .نے.. حاشر نے اسے گھورتے کہا..

آپ .بس بھی کریں..مجھے شرمندگی ہوتی ہے..؟؟اس نے اداسی سے کہا..

ایک شرط پر...؟؟

کونسی..؟

تم غریب والی بات چھوڑ دو..میں یہ یاد نہیں دلاؤں گا..

ارم نے پہلے تو گھورا..

ٹھیک ہے..ویسے بہت چلاک ہیں آپ...؟؟زیان بھائی کو دیکھا ہے کتنے معصوم ہیں وہ..؟

Posted on Kitab Nagri

معصوم اور وہ..؟؟استغفر اللہ...!!! وہ کبھی معصوم ہو ہی نہیں سکتا..

کیوں...؟؟بس جان بوجھ کر اب آپ کہیں جائیں..

جی نہیں..اس کی ایک مسکراہٹ کے پیچھے کئی راز ہوتے ہیں..جو وہ کہہ رہا ہو تا..اس کے بھی کئی مطلب ہوتے ہیں.

ایک بات یاد رکھنا معصوم نہیں ہے وہ..وہ زیان ہے..اور زیان کبھی معصوم نہیں ہو سکتا...وہ ہنس دیا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جو بھی ہو مجھے تو بہت اچھے لگتے ہیں..؟؟

حاشر نے اسے گھورا..

میرا خیال ہے کہ اب آپ زرا احتیاط کیا کریں...؟؟

Posted on Kitab Nagri

نہیں.. آپ سے تو پیار کرتی ہوں نا... وہ مسکراہٹ دبائے زرا تیز چل دی..

حاشر بھی مسکرا دیا.

.....................

زیان میٹنگ میں تھا.. فون سائلنٹ پر..

سب لوگ متوجہ اس کی بات سن رہے تھے.. وہ کسی پروجکٹ کی ڈیٹیلز بتا رہا تھا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حور کی کئی مس کالز تھیں مگر... اسے پتا نہیں چلا..

وہ بات مکمل کر کے لیب ٹاپ کی طرف آیا...

Posted on Kitab Nagri

فون پر میسج آیا...زیان کی نظر فون پڑ پڑی..

Ayesha is not well...

زیان نے فورا فون اٹھایا ..

سب لوگ چونکے...

زیان نے حور کی مس کالز دیکھیں. موبائل لیا اور بجلی کی تیزی سے روم سے نکل گیا...

سب لوگ ادھر ادھر دیکھنے لگے..

مسکان اٹھی..

Posted on Kitab Nagri

آپ سب پریشان نا ہوں.. کسی ایمرجنسی کی وجہ سے زیان سرگ ئے ہیں..

باقی ڈیٹیلز میں ایکسپلین کر دیتی ہوں...

وہ اٹھی اور زیان کے لیب ٹاپ پر آگئی...

....................

حور نیچے کھڑی تھی...

عائشہ کہاں ہے..؟؟ کیا ہوا ہے..؟؟ وہ پریشانی سے پوچھے جا رہا تھا..

بھائی پریشانی کی بات نہیں ہے..وہ بے ہوش ہو گئیں تھیں..اب ٹھیک ہیں.ڈاکٹر نے میڈیسن دی ہے.. سو رہی ہیں...

زیان بیٹا پریشان نا ہو... دادو بولیں..

Posted on Kitab Nagri

ہوا کیا تھا..؟؟؟وہ ہمشہ کی طرح ماتھے پر سلوٹین لئے کھڑا تھا..

ڈاکٹر کہہ رہے تھے کہ ویکنس کی وجہ سے بوہوش ہو گئ تھیں...

اوکے میں دیکھتا ہوں..وہ یہ کہہ کر کمرے میں چلا گیا .

میں نے کہا تھا نا بتانا اسے..دادو نے کہا..اب سب چھوڑ کی پریشانی میں آ گیا ہے...

دادو...اگر نا بتاتی تو شام.میں انہوں نے زیادہ ناراض ہونا تھا..

........................

زیان سر کو کال کروں..مسکان میٹنگ کے بعد میٹنگ روم میں چکر لگا رہی تھی..

Posted on Kitab Nagri

اس نے فون اٹھایا..؟؟

تھوڑی دیر بعد فون اٹھالیا گیا....

سر..وہ آپ...؟؟

مسکان میڈم لگ..؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سر پریشان نا ہوں..وہ میں نے ہینڈل کر لیا تھا..سب اچھے سے ہو گیا..

تھنک ہو سو مچ..مسکان...

Posted on Kitab Nagri

اٹس اوکے سر... مگر آپ ایسے...؟؟

وہ عائشہ کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی.... .

اوہ اچھا...!! اب کیسی ہیں وہ...؟؟

الحمد اللہ ٹھیک ہے..

اوکے سر.. اللہ حافظ.. آپ. انکا خیال رکھیں..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اللہ حافظ...

مسکان کے سینے میں تو جیسے آگ ہی بھڑک اٹھی..

ہنہ.. کیسے بھاگتے گئے ہیں.. اتنی بڑی میٹنگ چھوڑ کر... اپنے اشاروں پر نچا رہی وہ تو... بیمار تھی تو میسج کرنے کی. کیا ضرورت تھی... صبر کر لیتی...

Posted on Kitab Nagri

.......................

عائشہ بیڈ سے اٹھنے کی کوشش کی..

زیان نے دیکھا تو پاس آکر اسے بٹھا دیا

Are you ok...??

جی.. مگر آپ..؟؟

عائشہ نے گھڑی کی طرف دیکھا...

زیان آپ جلدی آگئے.. آپ کی تو میٹنگ تھی...؟؟

Posted on Kitab Nagri

آپ چھوڑ کر آگ ۓ.؟؟

تم یہ بتاؤ کہ...پہلے تو میرا دل کر رہا ہے میں تمہیں خوب ڈانٹوں..

زیان میٹنگ.....

یااللہ.... یہ لڑکی...مسکان نے سب ہینڈل کر لیا تھا..سب ٹھیک ہے..

اچھا..عائشہ مسکرا دی...

ایسے جان نا نکالا. کرو میری...زیان نے غصے سے کہا..

آپ مجھ پر غصہ ہو رہے ہیں..میں. بیمار ہوں...اس نے معصوم سا منہ بناتے کہا...

Posted on Kitab Nagri

ڈرامہ کوئن.. وہ مسکرادیا..

اب میں کلثوم آپا سے کہتا ہوں کہ تمہارے ل ئے کچھ کھانے کے لئے لائیں...

وہ اٹھا...

زیان ...وہ بولی..

ہن...وہ دروازے پر جاتا جاتا رک گیا...

I love you zayan..!!

زیان پہلے تو مسکرایا...

Posted on Kitab Nagri

کوئی مکھن نہیں لگانا...

میں سچ کہہ رہی ہوں.. میں آپ سے بہت پیار کرتی ہوں.. اس نے منہ بنا کر کہا...

سوری مگر مجھے اس وقت آپ پر بہت غصہ ہے سو مس عائشہ میں یہ کہوں گا... کہ میں آپ سے بلکل بھی پیار نہیں کرتا.. وہ مسکراتا باہر چلا گیا..

وہ بھی اس کی بات پر ہنس...

تھنک یو اللہ تعالی.. مجھے زیان دینے کے لئے...وہ مسکرادی...

.........................

زیان آفس مین آیا..

Posted on Kitab Nagri

مس مسکان آپ اندر آئیں..

جی مسکان فائلز اٹھا کر اندر آئی..

مگر زیان کو دیکھ کر جان بوجھ کر پھسلنے کا ڈرامہ کیا.. اور فائلز گرا دیں. اور خود زمین پر گر گئی..

اہ.. زیان فورا اٹھا..

اسے اٹھایا.. اور ساتھ صوفے پر بیٹھا دیا..

آپ گرتی بہت ہیں..

Posted on Kitab Nagri

سر سوری... بس ہلکا سا مسل پل ہو گیا ہے.. اس نے اٹھنے کی کوشش کی...

آہ... وہ پھر سے بیٹھ گئی. اس نے جان بوجھ کر درد کا ڈرامہ. کیا..

آپ بیٹھی رہیں...

سر وہ ہلکی سی موچ آگئی وہ کچھ دیر میں ٹھیک ہو جائے گی ..

آپ گھر جانا چاہیں تو چلی جائیں..

زیان نے فائل اٹھا کر اس کے پاس صوفے پر رکھ دیں..

Posted on Kitab Nagri

نہیں سر...اگر آپ برا نا منائیں تو..میں یہیں بیٹھ کر یہ کام مکمل کر لوں..؟؟

ایز یو وش...

زیان یہ کہہ کر اپنی چیئر پر بیٹھ گیا اور کام میں مصروف ہو گیا...

سر آپ.کی وائف کیسی ہیں...؟؟؟

جی ٹھیک ہیں..اس نے لیب ٹاپ پر نظریں جمائے کہا...

سر ایک.بات پوچھوں آپ سے..؟؟ اگر آپ برا نا منائیں تو..؟؟؟

جی...؟؟ اس بار زیان نے اوپر دیکھا..

Posted on Kitab Nagri

آپ کی لو و میرج تھی ..؟؟؟ آئی مین جیسے آپ کل چلے گ ئے...؟؟

زیان مسکرا دیا .. یس.....

واؤ...تو سر آپ کہاں ملے ان سے...؟؟؟

یہیں آفس .میں ...وہ پھر سے کام کرنے لگ گیا .

سر مطلب ..؟؟

مس .مسکان جو کام آپ .کر رہی ہیں وہ عائشہ کرتی تھی ..

اوہ مائی گاڈ ..واؤ...

Posted on Kitab Nagri

مسکان کو اندر سے حیرت ہو رہی تھی.. مگر وہ ضبط کر رہی تھی.. اور جبرا مسکرا رہی تھی...

وہ چپ کچھ سوچنے لگی..

وہ زیان کی طرف دیکھ رہی کہ اچانک زیان نے اوپر دیکھا..

کیا ہوا مس مسکان...؟؟؟

وہ چونکی..

سر آپ بہت کیرئینگ ہیں...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زیان مسکرایا..

میری بیوی سے پوچھو تو کہے گی... اوور سینسٹو .....وپ ساتھ ہلکا سا ہنس دیا...

Posted on Kitab Nagri

اس شخص کی ہر بات میں بیوی کا ذکر ضروری ہوتا.. اس نے دل میں سوچا..

سر جن کے پاس یہ کیئر نہیں ہوتی وہ ترستے ہیں اور جن کے پاس ہے.. وہ قدر نہیں کرتے...

لیکن میں اس کی بات سے ایگری کرتا ہوں.. کیوں کہ میری بہن بھی یہی کہتی ہے.... زیان نے کندھے اچکاتے کہا

کیوں سر...؟؟؟؟

میں اصل میں تھوڑا جلدی ہائیپر ہو جاتا ہوں.. جو کہ میں واقعی ہو جاتا ہوں.. وہ ہلکا سا ہنس دیا..

مسکان بھی مسکرا دی...

Posted on Kitab Nagri

..............................

زیان ریستوورںٹ میں بیٹھا ویٹ کر رہا تھا

اسلام علیکم...لائبہ نے کہا

وعلیکم اسلام...زیان کھڑا ہوا..

لائبہ زیان کے سامنے بیٹھ گئی..

آیئم سو سوری..مجھے یوں آپ کو تکلیف دینی پڑی..زیان نے کہا

نہیں کوئی بات نہیں..آپ کو عائشہ سے ریلیٹڈ کوئی بات کرنی تھی..

Posted on Kitab Nagri

جی...میں نے سوچا کہ آپ اس کی دوست ہیں تو آپ سے پوچھ لوں..

جی جی... آپ بتائیں..وہ ٹھیک تو ہے..؟؟

جی جی.. آئیز سچ کوئی مسئلہ نہیں ہے.. مگر مجھے سمجھ نہیں آرہا میں کیسے بات کروں..زبان ہچکچا رہا تھا..

آپ ریلکس ہو کر پوچھ سکتے ہیں...

کیا عائشہ کسی بات سے ڈرتی ہے..میرا مطلب کوئی خوف...؟؟ کوئی سٹرس...

میں سمجھی نہیں.. کس قسم کا ڈر...؟؟

کچھ دنوں سے عجیب بی ہیو کر رہی تھی. بہت ڈر گئی تھی..

Posted on Kitab Nagri

صرف ایک نیوز سے.. اتنا کہ اسے تو سانس لینے میں مشکل ہو رہی تھی...

نیوز.. کسی بچی سے ریلیٹڈ تھی...؟؟

جی جی...وہی ریپ کیس.. مگر آپ کیسے جانتی ہیں..

جی وہ ڈرتی ہے...اس سب سے....

مگر کیوں..؟؟ڈر تو سب کو لگتا..سٹرس بھی ہوتا.. مگر...

اس کے بچپن میں....

کیا...؟؟زیان چونکا...

Posted on Kitab Nagri

وہ دس بارہ سال کی تھی.. ان کی جوائنٹ فیملی تھی ..

اس کے ایک تایا ابو کا بیٹا تھا.. وہ اکثر لائک کبھی اسے ٹچ کر دیتا.. کبھی عجیب باتیں کرتا.. تو یہ تب ڈر گئی تھی.. پھر کسی سے ذکر نا کرنا.. اسے دھمکایا جاتا تھا.. تو وہ کسی سے کہتی نہیں تھی..

مگر کیوں...؟؟؟.

ہمارے معاشرے میں سب سے بڑی خرابی ہی یہی ہے.. والدین اپنے بچوں کا ابنورمل بی ہیویئر نوٹ نہیں کر پاتے.. وہ سمجھتے نہیں کہ اگر بچہ ڈرا ہوا ہے.. چپ رہنے لگا ہے.. تو وجہ پوچھیں.. اور اگر نہیں بتاتا تو ابزرو کریں.. عائشہ کے پیرنٹس سے بھی یہی غلطی ہوئی تھی.. وہ اس کا چینج ہوتا بی ہیویئر سمجھ نہیں پائے... مگر اللہ کا شکر ہے کہ ایک دن وہ عائشہ کو دھمکا رہا تھا تو اس کی ماما نے دیکھ لیا... انہوں نے گھر شفٹ کر لیا... مگر عائشہ ڈر گئی تھی.. اس کے بابا نے اور ڈاکٹر نے اس اس ٹراما سے نکالا تھا.. یہ بلکل ٹھیک بھی ہو گئی ہے.. مگر جب کسی چھوٹے بچے کو وائلنس کا نشانا بنایا جاتا تو پھر یاد کر کے ڈر جاتی.... لاسٹ ٹائم کالج میں بس ایک دفعہ ڈر گئی تھی..

تو آپ کا مطلب ہے کہ عائشہ کو haphephobia ہے؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

Kind of.......مگر اپنے فادر کے بعد وہ آپ کے ساتھ تو وہ بہت کنفرٹیبل ہے...اور وہ بلکل ٹھیک ہو گئی تھی..اب تو اسے ایسا کوئی خوف نہیں ہے... یہ ضرور سچ ہے کہ بہت سارے میلز میں جانے سے گھبراتی لائک پارٹیز...وہ بہت سی لڑکیاں گھبراتی ہیں..کوئی اتنی بڑی بات نہیں ہے...

کنفرٹیبل تو ہے..مگر بس کل ڈر گئی تھی..زیان نے ماتھے پر سلوٹیں لئے کہا...

بس پیرنٹس اگر ابزرو کریں تو...شاید بہت سے بچے اس ٹراما میں جانے سے بچ جائیں...

مگر زیان بھائی اب وہ بلکل ٹھیک ہے....بس آپ تھوڑا ریلکس کر دیں اسے..یا سب سے زیادہ وہ اپنے فادر کے پاس ریلکس ہوتی ہے..آپ اسے وہاں چھوڑ آئیں..کیوں کہ وہ آپ سے شئیر کرے گی نہیں..آئیٹلیسٹ اپنے بابا کو بتا تو دے گی...

Posted on Kitab Nagri

اوکے... تھینک یو سوچ لائبہ.. آپ عائشہ سے اس کا ذکر مت کیجی ئے گا... کہ. مجھے اس بارے میں کچھ پتا یا میں میں آپ سے ملا تھا...

اوکے شور...لائبہ مسکرادی...

.....................

زیان کمرے میں داخل ہوا..

اور عائشہ زیان کی شرٹ پہنے ہوئے تھی...وہ چئیر پر کھڑی شیلف صاف کر رہی تھی..

وہ اندر داخل ہوا...

آ گئے آپ...اس نے بچوں کی طرح مسکرا کر کہا..

Posted on Kitab Nagri

زیان نے اس کی طرف دیکھا... مسکرا یا اور سینے پر بازو باندھ کر اسے حیرت سے د دیکھنے لگا... جو آج پتا نہیں کیا بنی ہوئی تھی..

میری شرٹ..؟؟ اس نے مسکرا کر پوچھا...

جی وہ.. مجھے لگا میں ایزی رہوں گی...وہ پھر سے کام میں مصروف ہوگئی..

یہ شرٹ اتنی پیاری مجھے کبھی نہیں لگی....اس نے مسکراہٹ دباتے کہا

وہ ہنس دی... مطلب ابھی بھی شرٹ ہی پیاری لگ رہی آپ کو؟؟؟

ہاہاہا... پہنے والا تو پیارا ہے ہی... مگر یہ تم کر کیا رہی ہو..؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

بس ہو گیا...وہ اترنے لگی...

رکو...زیان اس کے پاس گیا...

پہلے اس کا ہاتھ پکڑانا چاہا..

.

.نہیں میرے ہاتھ صاف نہیں ہیں .

زیان نے اسے گود میں اٹھالیا..

اب اس کی وجہ...؟؟اس نے زیان کی گردن کے گرد بازو باندھ لئے..

میں نے سوچا کہ اترنے میں ٹائم لگے گا..زیان نے مسکراہٹ دباتے کہا..

Posted on Kitab Nagri

اب اتاریں گے مجھے...؟؟

اوکے..زیان نے اسے بیڈ پر بیٹھا دیا

عائشہ تمہاری طبیعت ٹھیک نہیں تھی...اس سب کی وجہ...؟

ویسے ہی میرا دل کر رہا تھا...اور میں بور بھی ہو رہی تھی..دادو ریسٹ کر رہیں تھیں..

طبیعت کیسی ہے اب...؟؟

بلکل ٹھیک...

Posted on Kitab Nagri

زیان ایک بات کہوں...؟؟

جی....

اللہ تعالی سب کو آپ جیسا ہزبنڈ دیں...

اچھا.....زیان نے لمبا کرتے کہا..

آپ جیسے... آپ نہیں.....اس نے غصے سے کہا...

ہاہاہا...وہ زور سے ہنس دیا ..

دیکھ لینا یہ نا ہو کہ کوئی مجھے لے جائے...؟؟زیان نے شرارت سے کہا

Posted on Kitab Nagri

ایسا ہو ہی نہیں سکتا....؟؟ آپ جائیں گے ہی نہیں...وہ. مسکرا دی..

کیوں نہیں جا سکتا...؟؟؟

کیوں کہ آپ میرے بغیر رہ نہیں سکتے..؟؟ اسے پورا یقین تھا..

اور آگر چلا گیا تو....؟؟؟ تمہیں اگنور کرنے لگ گیا تو؟ زیان کو اس کا اس طرح محبت کا اظہار کرنا اچھا لگ رہا تھا..

میں جانے نہیں دوں گی... آپ کو.... اور جس کے پاس جائیں گے آپ کا اور اس کا دونوں کا قتل کر دوں گی...وہ معصومیت سے بول رہی تھی.

پھر تو بہت خطرناک ہیں آپ.. بیگم صاحبہ...

Posted on Kitab Nagri

بلکل...بات آپ کی ہو تو میں ہوں... میں کسی کے ساتھ شئیر نہیں کر سکتی آپ کو ..

میں مس عائشہ کے علاوہ کسی کا ہو بھی نہیں سکتا..زیان نے اس کے بالوں میں لگا کیچر کھول دیا..سارے بال آبشار کی طرح گر گ ئے...

زیان.....!!! یہ کیا کیا..؟؟اتنا ٹائم لگتا ہے مجھے سیٹ کرنے میں..اس نے منہ بناتے کہا..

کس نے کہا باندھا کرو...وہ مسکرایا..

جی بلکل سارا دن چڑیل بنی رہوں میں...

مجھے یہ چڑیل بہت..........پسند ہے..

وہ. مسکرا دی..اس کا فیس بلش کرنے لگا...

Posted on Kitab Nagri

چینج کر لوں میں..؟؟

یہ تو میں نے پہن لی....اس نے گھبرا کر معصومیت سے کہا...

اللہ...زیان نے اس کا گال کھینچا..

اتنا غریب ہوں کہ میرے پاس ایک ہی شرٹ ہے...؟؟

نہیں وہ میرا یہ مطلب تھوڑی تھا...میں دیتی ہوں...

زیان مسکرا دیا...

زیان نے اسے دیکھا...جیسے ایک طرف اس کی معصومیت دوسری طرف اس کا ڈر.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

.................................

زیان آفس کے لیۓ تیار ہو رہا تھا...

زیان...

جی.... اس نے مسکرا کر کہا..

وہ نا مجھے....

کیا ہوا...؟

مجھے پیسے چاہئیں...؟؟

Posted on Kitab Nagri

تو اس میں اتنا ہچکچانے والی کیا بات ہے...اس نے بال برش کرتے کہا..

اپنے لئے نہیں چاہئے نا...؟؟

جس کے لئے بھی ہو..میں کیا منع کروں گا...پہلی بار خود ڈیمانڈ کر رہی ہو..مجھے تو اچھا لگ رہا ہے .

ارم. کی شادی کے لئے....

میں نے پوچھا ہے..؟؟؟

لیکن آپ کو پتا تو ہونا چاہئے... آپ کیا میرے آکاؤنٹ میں ٹرانسفر کروا سکتے ..

اوکے..... آج ہی کروادوں گا...اور کوئی حکم...وہ مسکرایا

Posted on Kitab Nagri

تھنک یو...اس نے نفی میں سر ہلا دیا..

یہ برا لگ جائے گا مجھے...

زیان نے بازو پھیلا دیا..او کے میں چلتا ہوں؟؟

عائشہ مسکرا کر زیان کے سینے سے جا لگی...

.....................

آج ڈیٹ کیا ہے مسکان..؟؟

سر 7...

Posted on Kitab Nagri

تو پرسو ہے میٹنگ...

اوہ... کل تو عائشہ کی برتھ ڈے ہے... وہ مسکرایا...

سو آج کام مکمل کرنا ہو گا... کل آف لوں گا...

مگر سر پرسو والی میٹنگ کا کچھ کام. ہے.. اس کے لئے کل. آپ کچھ وقت کے لئے آسکتے ہیں...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آج کر لیتے ہیں..؟؟

سر سوری.. میں بہت شرمندہ ہوں.. سر میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے آج...

Posted on Kitab Nagri

اوہ...اوکے چلیں میں کل آفس کے لاسٹ آورز میں آجاؤں گا.. آپ گھر چلی جائیں آج...

اوکے سر.. تھنک یو ...

وہ. شیطانی مسکراہٹ ل ئے چلی گئی....

......................

یہ صبح صبح زیان کہاں چلے گ ئے...؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عائشہ نے کمرے میں دیکھا..

پھر وہ نیچے آئی..

Posted on Kitab Nagri

تو کچن سے زیان کی آواز آئی..

کلثوم آپا... آپ. بس مجھے بتاتی جائیں...

کلثوم آپا ہنس رہی تھیں...

وہ ایپرن پہنے ہاتھ میں چھری پکڑے اور دوسرے ہاتھ میں پیاز پکڑے کھڑا تھا..

زیان یہ کیا کر رہے ہیں..؟؟ عائشہ نے حیرت سے کہا..

تمہارے لئے ناشتہ بنا رہا ہوں... وہ. مسکرایا اور پیاز کاٹنا شروع کیا..

کلثوم آپا ایسے ہی نا...؟؟

Posted on Kitab Nagri

آپ بنا کیا رہے ہیں..؟

تمہیں پیاز والا املیٹ بہت پسند ہے نا...وہی...

عائشہ کچھ وقت وہیں کھڑی زیان کو مسکراتا دیکھتی رہی..

یا اللہ زیان چھوڑیں یہ ..

پیاز کاٹنے کی وجہ سے اس کی آنکھیں اور ناک سرخ ہو چکا تھا....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں تم جاؤ...میں اتنا برا نہیں بناؤں گا... کلثوم آپا آپ انہیں لے جائیں...

بیٹا آپ چلی جائیں یہ حور کی برتھ ڈے پر بھی ایسے ہی کرتے ہیں...

Posted on Kitab Nagri

عائشہ مسکرا دی...

اوکے ...! بسٹ آف لک.... وہ. ہنس دی...

............ . ـــ . .

اب بتاؤ... کیسا لگا...؟؟؟

زیان اس کے پاس کھڑا ہو کر پوچھ رہا...

وہ کرسی پر بیٹھی تھی..

بہت اچھا.....!!! وہ مسکرا دی... تھنک یو سوچ.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

سچ کہہ رہی ہونا....؟؟

جی...میں کیوں بلاوجہ جھوٹ بولوں گی..

اور آپ اب مہربانی کر کے چینج کرلیں...

اوکے....زیان کے اس کے ماتھے پر بوسہ دیا..

کافی گر گئی تھی...یار.. وہ پینک ہو گئی.. اور صاف کرنے لگی.. میں اسے پیچھے ہٹا رہا تھا...یار....

عائشہ چپ رہی...

تمہیں یقین نہیں ہے مجھ پر ...

یقین ہے..

پھر....؟؟

مجھے اچھا نہیں لگا بس....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اچھا سوری.. میں آئندہ بہت خیال رکھوں گا...

اوکے....؟؟؟؟؟وہ. مسکرایا..

ہم...عائشہ نے کچھ جواب نا دیا..

ویسے ناراض کون تھا...؟؟؟

زیان نے منہ بنا کر کہا..

آپ...عائشہ معصومیت سے بولی..

کیوں ناراض تھا میں..؟؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

کیوں کہ میں فضول بول رہی تھی... عائشہ آہستہ آہستہ اس کا جواب دے رہی تھی..

اور اب مجھے ناراض کرنے کی سزا کیا ملنی چاہیئے تمہیں..؟؟ زیان نے مسکرا کر کہا...

مجھے مسکرانا پڑے گا..اس نے معصومیت سے کہا..

زیان مسکرادیا..

تو پھر...

عائشہ نے اوپر دیکھا...وہ مسکرا رہا تھا..

عائشہ ہلا سا مسکرائی .

Posted on Kitab Nagri

اپنی آنکھوں کا حال دیکھو کیا کیا ہے تم نے...زیان نے تھوڑے غصے سے کہا..

آپ شرٹ بدل لیں...عائشہ نے کہا .

اور کھڑی ہوئی..

زیان نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا...اسے دیکھے گیا..

ابھی بھی ناراض ہو...؟؟؟

عائشہ نے نفی میں سر ہلا دیا...

Posted on Kitab Nagri

عائشہ اگر کوئی لڑکی میری پوسیشن دیکھ کر میری طرف جھک بھی جاتی ہے...تو اس میں میرا تو کوئی قصور نہیں ہے نا.. کیا اگر میں تھوڑا بہت ہینڈسم ہوں تم لڑکیوں کے اکورڈنگ تو کیا اس میں میرا قصور ہے... میں تو صرف تم سے محبت کرتا ہوں...اور اتنا بھی کوئی شہزادہ نہیں ہوں کہ ساعی لڑکیان میرے ہی پیچھے پڑ جائیں...وہ ہنس دیا...

زیان بات یہ نہیں ہے.. کہ آپ ہینڈسم ہیں یا امیر ہیں.. کشش آپ کے کردار میں ہے...جو آپ کی طرف کھینچتا ہے...

اگر مجھ جیسی لڑکی (ڈر) بھی آپ سے محبت کر سکتی تو ہر لڑکی جو آپ کو جانے گی اسے آپ سے محبت ہو گی...اور سب سے بڑی وجہ آپ کا احترام ہے... آپ احترام کرتے ہیں عورت سمجھ کر..اور ہمیں اس احترام اور اس کیئر سے محبت ہو جاتی ہے...شاید اسی لئے کہتے ہیں کہ نامحرم سے روڈ بات کرو...

یہ تم نے کیا رٹ لگائی ہے.. میرے جیسی لڑکی....

کاش زیان میں آپ کو بتا سکتی....

Posted on Kitab Nagri

کیوں نہیں بتا سکتی...؟؟ زیان اس کے منہ سے سننا چاہتا تھا..

کچھ نہیں...وہ. مسکرا دی...

آج باہر چلیں. کہیں...؟؟ بلکے حاشر کی طرف چلیں..؟؟ ارم سے مل لینا تم....زیان بولا...

عائشہ تھوڑا مسکرائی..

او کے...

میں چینج کر لوں..وہ کھڑا ہوا..

میں یہ شرٹ دوبارہ آپ کو پہننے نہیں دوں گی..وہ یہ کہہ کے کمرے سے نکل گئی..

Posted on Kitab Nagri

زیان مسکرا دیا..اسے یقین تھا کہ وہ تھوڑی دیر تک نارمل ہو جائے گی .

.....................

زیان ایک بات کہنی تھی تم سے...حاشر نے زیان سے کہا..جو کہ حاشر کے گھر لان میں بیٹھا تھا..

ہاں.. کہو..

..یار میں سوچ رہا ہوں کہ ہنی مون پر چلیں....؟؟

حاشر تیرا دماغ خراب ہے..میرے ساتھ جانا ہے..؟؟ کیا بکواس ہے..؟

Posted on Kitab Nagri

اوہو یہ نہیں کہہ رہا...

تو اپنے لفظوں پر دھیان دیا کر....

تو پوری بات تو سن لے میری...میں کہہ رہا ہوں ارم کے ساتھ جانا..

کیوں نا ہم. اکھٹے کہیں چلیں.. آئی مین تم اور عائشہ بھی تو نہیں گئے....

زیان نے چونک کر پہلے اسے دیکھا...

تم لوگ چلے جاؤ....میں.۔.

ارے یار...چل.نا....

Posted on Kitab Nagri

عائشہ سے پوچھتا ہوں... پھر ہی کچھ کہہ سکتا میں.

ہاں ہاں.. زن مرید تو ہو ہی..... حاشر ہنسا... وہ چاہتا تھا کہ مان جائے...

زیان نے اسے گھورا..

اگر بیوی سے رائے لینا.. اس کی بات سننا.. اسے اہمیت دینا.. اس کی کئیر کرنا.. اس کی رائے کا احترام کرنا.. اس سے محبت کا اظہار کرنا.. اس کے نکھرے اٹھانا... اسے منانا.. اس کا احترام کرنا.... زن مریدی ہے تو میں...

زیان جاوید آج ڈھنگے کی چوٹ پر کہتا ہوں کہ میں زن مرید ہوں.. کیوں کہ اسلام تو یہی کہتا ہے

ارے تم تو غصہ ہو گ ئے...

نہیں تُو.... خوش ہو جا..... ہوں میں زن مرید... بس...؟؟

Posted on Kitab Nagri

زیان... یہ کیا کہہ رہے ہیں آپ... عائشہ نے پیچھے سے آتے کہا.. جس نے اس کی آواز سن لی تھی...

کچھ نہیں بس اسکا دماغ ٹھیک کر رہا ہوں... زیان نے بولا..

تو پھر بتاؤ کہاں چلیں...؟؟ حاشر بولا..

ارم عائشہ سے بات کر چکی تھی...

آؤٹ آف کنٹری... ارم نے بیٹھتے کہا.. اور عائشہ بھی بیٹھ گئی..

عاشو بتاؤ... آپ کا کیا خیال ہے...؟؟ ارم نے کہا..

جہاں تم لوگ ڈیسائڈ کر لو ....

Posted on Kitab Nagri

زیان نے عائشہ کو دیکھا...اس کے جواب سے لگا کہ وہ تیار ہے...

کنٹری ڈیسائڈ کرو زیان... حاشر نے کہا..

یہ موبائل چھوڑ دو یار.....

یار میں کیا کہوں.. تم لوگ خودی پلینز بنا رہے ہو...میں اب کیا کہہ سکتا ہوں... وہ تھوڑا روکھے سے انداز سے بولا..

تمہارا موڈ نہیں ہے.... حاشر نے اسے گھورا...

نہیں نہیں جو بیگم صاحبہ کہیں...اس نے عائشہ کی طرف اشارہ کیا .

عاشو... ہم ٹرکی چلیں...یا پیریس.. نہیں.. گریس.... ارم بولی

Posted on Kitab Nagri

ہم پاکستان دیکھ لیں پہلے...؟؟عائشہ نے کہا..

پھر جائیں گے.. مجھے کشمیر دیکھنا ہے.. سوات دیکھنا ہے...وہ خوشی سے بول رہی تھی..

زیان اس کی طرف دیکھ کر مسکرایا... مگر عائشہ نے اسے ایک بار بھی نہیں دیکھا...

بس ڈن.. ارم بولی..

سوری حاشر میں نے آپ سے پوچھا نہیں..؟؟؟

ہاں ہاں.. اب میری کیا اہمیت... حاشر نے منہ بنایا...

زیان مسکرا دیا...

Posted on Kitab Nagri

بس کرڈرامے...؟؟؟زیان بڑبڑایا..

پھر نیکسٹ ویک چلیں..؟؟؟حاشر نے کہا...

اوکے.ڈن... زیان مسکرایا..

...........

زیان آپ نہیں جانا چاہتے تھے....عائشہ نے گاڑی میں اس سے پوچھا.

نہیں میں نے سوچا تھا جیسے تم کہو گی....

Posted on Kitab Nagri

مگر آپ کا ری اکشن.....

عائشہ زیادہ مت سوچا کرو...

میں غلط سوچ رہی ہوں...؟؟

زیان چپ رہا... اور گاڑی روک دی...

عائشہ مجھے پروبلم نہیں ہے.. اور کیوں ہو گی پروبلم.. تمہارے ساتھ جانے سے...؟؟؟

ہر بار کیوں اندازہ لگاتی ہو میرے بارے میں...

عائشہ خاموش رہی.....

Posted on Kitab Nagri

اس بار اندازہ آپ لگا رہے ہیں.. میں پوچھنا چاہ رہی تھی کہ اگر آفس کی وجہ سے ابھی ٹائم نہیں ہے تو ہم منع کر دیتے ہیں...

عائشہ نے یہ کہہ کر چہرہ دوسری طرف موڑ لیا...

زیان کو افسوس ہوا....

عائشہ..... مجھ سے دور کیوں ہوتی جا رہی ہو تم..... زیان نے دل میں سوچا...

زیان.. آپ مجھے خود سے دور کیوں کر رہے ہیں...

عائشہ نے دل میں سوچا..

..............................

Posted on Kitab Nagri

زیان آفس میں تھا..

مسکان اندر آئی

سر مجھے معزرت کرنی ہے آپ سے..

اٹس او کے مسکان...زیان زرا روڈ ہو کر بولا..

سر پلیز مجھے اس جاب سے مت نکالئے گا..مجھے یہ جاب بہت پسند ہے....

زیان چونکا...

Posted on Kitab Nagri

وہی الفاظ جو کبھی عائشہ نے اس سے کہے تھے ..

وہ خود کو واپس لا رہا تھا..جو کہ اس وقت میں چلا گیا تھا..

سر.. سر... مسکان نے دوبار کہا..

کیا ہوا...؟؟

No..nothing just Deja vu..

زیان نے سر جھٹکتے کہا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سر مجھے اس وقت صرف دکھ تھا کہ آپ کے کپڑے خراب ہو گئے ہیں..اور سر ہر انسان کو اپنی جاب کی فکر ہوتی ہے..میں میں نے آپ کے غصے سے بچنے کے لئے پینک ہو کر.....

اٹس اوکے..مسکان.. آپ جا کر اپنا کام کریں.. مگر آئندہ دھیان رکھیئے گا...

Posted on Kitab Nagri

جی سر.... مگر آپ...

مسکان آپ جا سکتیں ہیں...زیان نے دوبارہ بات دہرائی.. مسکان پاؤں پٹختی باہر آگئی...

...............

زیان پر سو فاطمہ کا بر تھ ڈے ہے...

اوہ اچھا...زیان مسکرایا..

آپ. پر سو رات میرے ساتھ چلیں گے.. گھر...؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

وہ ارم اور حاشر نہیں نا آپائیں گے...وہ انہیں کہیں دعوت پر جانا تھا..

اوکے... چلیں گے ہم...وہ مسکرایا...

عائشہ چپ چاپ کھڑی رہی...

زیان اس کے پاس آیا..

عائشہ حور کا چینج مجھے اچھا لگا...

کیسا چینج...؟؟

وہی اس کی ڈریسنگ چینج...سٹائل چینج...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

مجھے بھی....وہ مسکرائی ... کتنی پیاری لگتی ہے نا...

یہ تمہارا ہی انفلیونس ہے اس پر....

جی نہیں زیان ایسا نہیں ہوتا...اللہ تعالی نے جب کسی کو اپنے ساتھ جوڑنا ہو تو وہ جوڑ لیتے ہیں..

تم.نے مجھے بھی تو بدلہ ہے کافی حد تک.....

وہ بھی آپ اپنی مرضی سے بدلے ہیں..

زیان ہدایت اللہ دیتے ہیں..وہ جسے چاہتے اپنے قریب کر لیتے ہیں..جب کسی شخص کی کوئی ادا پسند آگئی..کسی کی کوئی نیکی پسند آگئی..پھر وہ اسے اپنا بنا لیتے ہیں..بہت حد تک دنیا بے معنی سی لگتی.ہے...

محبت کی سمجھ ہی تب آتی ہے جب محبت اللہ سے ہوتی ہے .

Posted on Kitab Nagri

کبھی کبھی ہماری زندگی میں آنے والی تکلیفیں صرف ہمیں اللہ کے قریب کرنے کے لئے ہوتی ہیں.. تو زیان ایسی تکلیفیں تو پھر نعمت ہوئیں نا...

وہ مسکرا دیا....

بلکل.....

تمہیں کسی کو کھونے سے ڈر نہیں لگتا...

کیوں نہیں لگتا... لگتا ہے نا... ہمارے اتنے خونی رشتے ہیں جن کے بنا رہنے کا تصور بھی نہیں کر سکتے... آپ کو کھو دینے سے ڈر لگتا مجھے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو پھر یہ رشتے تو دور چلے جاتے ہیں.. تم کیوں نہیں ڈرتی...؟؟

پتا ہے مجھے قران کی آیت ہے جو سکون دے دیتی ہے...

قران پاک میں ارشاد تھا کہ

Posted on Kitab Nagri

اللہ تعالی کسی بھی انسان کو اس کی برداشت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے..

یہ آیت پڑھ کہ اتنا سکون ملتا کہ مجھے یقین ہے کہ جو درد میں برداشت نہیں کر سکتی وہ درد مجھے کبھی نہیں ہو گا...

بس پھر مجھے تکلیفوں سے ڈر نہیں لگتا...وہ مسکرادی..

مگر لوگ تو دور چلے جاتے ہیں؟؟

زیان وہ۔ تب جاتے ہیں جب آپ کے اندر اس درد کو برداشت کرنے کا حوصلہ ہو..اور اللہ صبر دیتے ہیں...زیان باقی مجھے نہیں پتا مجھے ایسے لگتا کہ جو درد میں برداشت نہیں کرپاؤں گی..اللہ مجھے اس درد میں نہیں ڈالیں ہر انسان کا اپنا اپنا یقین ہوتا...میرا یہ یقین مجھے حوصلہ دیتا....

بس جب کوئی خیال آتا کہ یہ ہو گیا تو کیا ہو گا..تو میں سوچتی ایسا ہو گا نہیں جب تک میرے اندر اس تکلیف کو برداشت کرنے کا حوصلہ نا ہوا..میرے اللہ مجھے کبھی وہ تکلیف نہیں دیں گے...

زیان مسکرادیا

Posted on Kitab Nagri

کافی لاؤں میں آپ کے لئے وہ میں حور کے پاس جا رہی تھی.

وہ ادھر آکر بات کیوں نہیں کرتی.. پہلے ہر بات مجھ سے ہی کرتی تھی..

بہت سی باتیں ہیں جو بھائیوں سے نہیں کی جاسکتیں....

اچھا مثلا....؟؟

کہا تو ہے کہ نہیں کی جاسکتی.. وہ شرارت سے ہنسی..

اس کا بھائی ہوں میں.. تمہارا شوہر ہوں.. میڈم بھول گئی ہیں..

Posted on Kitab Nagri

وہ زور سے ہنس دی...

یہ جوزیان آپ کا ایسا والا غصہ ہے نا مجھے بہت پسند ہے..

تمہیں میں غصے میں اچھا لگتا ہوں..؟؟

زیان آپ زیادہ وقت غصے میں ہی ہوتے ہیں.. ہر چھوٹی سی بات پر آپ کا موڈ خراب ہو جاتا ہے.. تو جوزیان میں صبح شام دیکھتی ہوں.. مجھے وہی پسند آنا.... کھڑوس.......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب اتنا بھی غصہ نہیں آتا... اس نے منہ بنا کر کہا..

یاد ہے مجھے کتنا ڈانٹتے تھے آپ...

تو بلاوجہ نہیں ڈانٹتا تھا.... وہ پھر سے زور سے بولا..

Posted on Kitab Nagri

انسان پیار سے بھی تو بات کر سکتا.... عائشہ نے منہ بنا کر کہا..

زیان نے ایک قدم آگے بڑھایا..

وہ پیچھے ہٹی...

زیان میں نے کہا بات .... .

جی جی بات...وہ آگے بڑھا ..

بات منہ سے کی جاتی ہے... عائشہ نے دیوار کا سہارا لیا...

Posted on Kitab Nagri

زیان آگے جھکا...

اس کی آنکھوں میں دیکھا..

اور اپنے دونوں ہاتھ دیوار پر رکھ دیئے...

عائشہ نے آنکھیں بند کرلیں...

تو ہم جا رہے ہیں نیکسٹ ویک....؟؟زیان نے پوچھا..

جی...کیوں..؟؟عائشہ نے آنکھیں کھولی اور زیان کے سینے پر اپنا ایک ہاتھ رکھا...

زیان مسکرایا...

کافی پلا دو...

Posted on Kitab Nagri

وہ پیچھے ہٹا...

جی..؟؟

کافی...؟؟؟زیان نے دوبارہ کہا..

اوکے ...وہ مسکرادی ..

........................

حاشر بکنگ ہوگئی..پلیز یار کرلینا..

Posted on Kitab Nagri

زیان ساتھ ساتھ سائن کر رہا تھا اور ساتھ ساتھ حاشر سے فون پر بات کر رہا تھا..

ہاں.. یہ بھی ٹھیک کہہ رہے ہو تم... اچھا چلو تم رہنے دو میں دیکھ لیتا...

زیان نے مسکان کو اشارہ کیا یہ وہ فائلز لے جائے..

نلکنا کس دن ہے.. مجھے عائشہ کو پہلے شوپنگ کروانی پڑنی.. اکیلے وہ جانے نہیں دیتی مجھے.. فضول خرچی یو نو... ساتھ ہنس دیا..

اوکے ٹھیک ہے... اللہ حافظ... یہ کہہ کر اس نے فون بند کر دیا..

..........................

زیان ہم کل شوپنگ بھی کر لیں گے.. اور فاطمہ کے ل ئے کوئی گفٹ بھی لے لیں گے.

Posted on Kitab Nagri

ہاں ٹھیک ہے...زیان نے شرٹ کی بازؤں کو کہنی تک فولڈ کرتے کہا

ایسے. کیا دیکھ رہی ہو...

عائشہ کافی دیر سے مسلسل زیان کو دیکھ رہی تھی..

وہ مسکرادی...

پھر اٹھی...

I love you zayan

اتناااااسارااا....

Posted on Kitab Nagri

زیان ہنس دیا..

واہ ... آج تو بہت خوش لگ رہی ہو..

اس نے حیرت سے عائشہ کی طرف دیکھا..

لو یہ کہتے ہیں بھلا.....

Okk love u tooo

مگر.....

عائشہ مسکرا کر اس کے پاس آئی..

Posted on Kitab Nagri

مگر.. مجھے آپ پر پیار آرہا ہے... بہت.... اس نے زیان کی شرٹ پکڑتے کہا...ا

زیان نے حیرت سے اس کے ہاتھ کی طرف دیکھا..

پھر اچانک اس کی نظر اس کے دوسرے ہاتھ کی طرف پڑی...جو ہلکا ہلکا کانپ رہا تھا..

زیان کے ماتھے پر سلوٹیں پڑیں..

عائشہ.. بس..... اس نے ہاتھ نیچے کیا..

کیا ہوا...؟؟ عائشہ نے پوچھا...

مجھے خوب سمجھ ہے کہ تم کیا کہنا چاہ رہی ہو...

Posted on Kitab Nagri

زیان نے کہا..

آپ ایسا کیوں کہہ رہے ہیں...؟؟

زیان کو فورا اس پر پیار آیا..

عائشہ ادھر آؤ...وہ اس کے لے کر بیڈ پر بیٹھ گیا اور اسے اپنے سامنے بیٹھا لیا....

تم .مانتی ہو کہ اس دنیا میں سب برے ہوتے ہیں...؟؟

نہیں تو ایسا تو کبھی نہیں ہوتا...اتنے اچھے انسان ہیں..اس دنیا میں..اور کچھ برے بھی ہیں...

Posted on Kitab Nagri

اوکے... تو اگر ہمارا واسطہ کسی غلط انسان سے پڑ جائے تو کیا اس کے بعد آنے والے بھی سب برے ہیں...؟؟

نہیں تو... ایک برے ایکسپرینس کا مطلب یہ تھوڑی ہوتا کہ اب برا ہی ہو گا...

اوکے... زیان مسکرایا...

تو کیا جب ہمیں کوئی اچھا مل جائے تو پاسٹ کی بری یادوں کو دل سے نہیں نکالنا چاہیئے...؟؟

عائشہ چپ ہو گئی..

مگر زیان وہ کیسے نکالیں...؟؟ اس بار سوال اس نے کیا..

زیان مسکرا دیا..

Posted on Kitab Nagri

پریزنٹ میں جی کر...

مطلب...؟؟

مطلب یہ کہ جو لمحہ اس وقت ہے اسے جیا جائے.. اس حال کو جیا جائے...فیوچر یا پریزنٹ کو بھول کر....فیوچر پتا نہیں آنا یا نہیں اور پاسٹ... اس میں ہم کچھ بدل نہیں سکتے.. مگر ان دونوں کی وجہ سے ہم اپنا آج ضرور تباہ کر لیتے ہیں...

عائشہ کچھ سوچنے لگی...

ایک بار ایسے جی کر دیکھو.. جیسے پاسٹ میں کچھ ہوا ہی نہیں ہے... جیسے ہماری یادداشت چلی گئی ہو...

ایک لمبا سانس لے کر... اس وقت کو محسوس کرو..

میں ہوں تمہارے پاس.. کس بات کا ڈر پھر..؟؟

میں کسی کو کوئی تکلیف نہیں دینے دوں گا تمہیں..

Posted on Kitab Nagri

زیان آج اس کے دماغ کے ساتھ کھیل رہا تھا..اس کی باتیں عائشہ کو سوچ میں مبتلا کر رہیں تھی

زیان ہر بات رک رک کر آہستہ آہستہ کہہ رہا تھا..

کسی کو بھی نہیں... چھونے بھی نہیں دوں گا.... یاد ہے وہ وقت..جب تم سوچتی تھی کہ ہر شخص کی نیت صاف ہے... یاد ہے عابد صاحب والا واقعہ...؟؟ کیا کیا تھا تم نے اس وقت... صرف سوچا تھا... کہ وہ غلط نہیں ہیں..کیوں کہ وہ تمہارے بابا کی ایج میں ہیں..؟؟ احترام دیا... یاد ہے... تو سوچو..ہر بار..جب گھبرانے لگو کہ تمہارے ارد گرد اب کوئی برا شخص نہیں ہے.... میں آنے بھی نہیں دوں گا... یقین کرنا میرا.. زیان ٹھہر ٹھہر کر سب کہہ رہا تھا... اسے سمجھا رہا تھا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عائشہ زیان کے سینے کے ساتھ لگ گئی..

زیان مسکرا دیا..وہ جانتا تھا کہ یہ باتیں اس پر اثر کر رہی ہیں...

Posted on Kitab Nagri

زیان سمجھ گیا تھا کہ اس کا ڈر کیا ہے.. اور اسے کیسے ٹھیک کرنا ہے.. کیوں کہ ڈر صرف اس کے دماغ میں تھا... جب وہ سوچتی تھی...

..............

تم یار.... کیا کر رہی ہو...؟؟ رمشا نے کہا..

جہاں کہیں بھی وہ جا رہے ہیں.. میں جانے نہیں دوں گی.. میں زیان کو اس کی بیوی کے قریب نہیں آنے دوں گی.. مسکان بولی...

انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو یار.. کسی کا گھر کیوں تباہ کر رہی ہو... رمشا نے کہا

مجھے زیان چاہئے.. بس...

Posted on Kitab Nagri

کیا کرو گی تم ہاں۔۔۔؟؟؟ بولو۔۔۔؟؟

میں وہ کروں گی کہ وہ جا ہی نا سکیں۔۔۔

تم اکیلے رہ رہ کر سائکو ہوتی جا رہی ہو۔۔۔ سمجھو خود کو۔۔۔ کہ تم پاگل ہو رہی ہو۔۔ کوئی کسی شادی شدہ۔ مرد کے ساتھ ایسا کرتا ہے۔۔۔۔ یہ نقصان ہوتا ہے اکیلے رہنے کا۔۔ تنہائی کا۔۔۔

میں نے کہا تھا تم سے کہ اس لڑکے سے شادی کر لو۔۔۔ پسند کرتا ہے تمہیں۔۔ تمہاری تنہائی دور کر دے گا۔۔۔ مگر۔۔۔

بکواس بند کرو تم اپنی۔۔۔۔ مجھے بس زیان چاہئے بس۔۔۔

تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زیان اور عائشہ...عائشہ کے گھر آئے ہوئے تھے. کھانا کھانے کے بعد

زیان عائشہ کے والد کے ساتھ باہر بیٹھا تھا...جب کہ عائشہ اور فاطمہ اندر تھیں...

عاشو آج رک جائیں.. آپ بھی اور زیان بھائی بھی..

وہ پہلے کبھی رکے ہیں...جواب رکیں گے...؟

ہاں مجھے چھوڑ جائیں شاید...

نہیں میں انہیں بھی مناتی ہوں...فاطمہ یہ کہہ کر باہر چلی گئی..

فاطمہ......عائشہ نے آواز دی..

Posted on Kitab Nagri

زیان بھائی... آپ پلیز ایک منٹ بات سنئے گا...

اس نے ساتھ آنے کا اشارہ. بھی. کیا..

زیان نے حیرت سے ادھر ادھر دیکھا..

زیان بیٹا چلے جاؤ... مجھے پتا ہے اس نے کیا کہنا ہے.... شاہد صاحب ہنس دیئے..

شاہد صاحب تسی گریٹ او.... فاطمہ نے سلیوٹ مار کر کہا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شاہد صاحب ہنس دیئے...

اور زیان اس کے پاس چلا گیا .

فاطمہ نے زیان کو بازو سے پکڑ کر اندر کھینچا..

Posted on Kitab Nagri

زیان نے عائشہ. کو دیکھا.... جیسے پوچھ رہا ہو کیا..؟؟

عائشہ نے کندھے اچکا دیئے...

ہاں.. تو زیان بھائی... میں نے سوچا کہ آپ باہر بہت بور ہو رہے ہوں گے...

نہیں ایسا بلکل نہیں تھا... میں بس...

نہیں آج آپ نہیں جا رہے... فاطمہ بولی..

آپ اور عاشو یہیں رہیں گے...

زیان نے عائشہ کو دیکھا...

Posted on Kitab Nagri

انہین مت دیکھیں...

ان کی سب سے بڑی خواہش ہے کہ آپ. یہاں رکیں.. بس وہ شرما رہیں تھیں اس لئے میں نے کہہ دیا...

زیان نے پھر سے سوالیہ نظروں سے دیکھا..

عائشہ نے مسکرا کر نفی میں سر ہلا دیا...

دیکھا ابھی بھی شرما رہی ہیں... زیان بھائی پلیز رک جائیں نا... فاطمہ نے بچوں جیسا منہ بنا کر کہا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویل..... رک جاتے ہیں... زیان نے مسکرا کر کہا..

تھنک یو سو مچ............ اس نے لمبا کر کے کہا..

Posted on Kitab Nagri

اوکے....اب آپ ایسا کریں دونوں اس ٹوپک پر تھوڑی سی بحث کرلیں میں اپنے گفٹس لاتی ہوں...

وہ یہ کہہ کر نکل گئی..

زیان...سوری وہ بہت بولتی ہے۔۔۔ فضول بولتی ہے..کچھ بھی بڑبڑاتی رہتی ہے.......

بھلا کس کی طرح....؟؟زیان نے پوری آنکھیں کھول کر کہا..

اوکے فائن میری طرح.....عائشہ نے منہ بنا کر کہا...

زیان ہنس دیا...

مگر آپ. جانا چاہیں تو چلے جائیں...

Posted on Kitab Nagri

نہیں کوئی بات نہیں... کل چلیں گے ..

آپ. میرے لئے کر رہے ہیں نا...؟؟

آپ. کے لئے تو یہ جان بھی حاضر ہے... مگر اس بار میں اس گڑیا کہ لئے کر رہا ہوں ..

وہ. مسکرایا...

تھنک یو زیان....

زیان بھااااااااااائی....... ساتھ ہی فاطمہ کی آواز آئی ..

عائشہ نے اپنے سر پر ہاتھ مارا...

زیان ہنس دیا....

Posted on Kitab Nagri

وہ. کمرے میں شوپنگ بیگز لئے داخل. ہوئی جو مشکل سے اٹھائے ہوئے تھے .

اتنے سارے گفٹس.........وہ. خوش سے بولی....

ل

زیان بھائی.........وہ بیگز پکڑتے اندر آئی..

دونوں ہاتھوں میں شوپنگ بیگز پکڑے یہاں تک کہ ایک. بیگ بغل میں دبائے وہ کہنیوں سے دروازہ کھول رہی تھی..

زیان نے پلٹ کر دروازہ کھولا..

Posted on Kitab Nagri

ہائے.. شکریہ...اس نے معصوم انداز میں کہا..

عائشہ نے اس کی حالت دیکھ کر اپنے سر پر ہاتھ مارا..

فاطمہ ایک ہی دفعہ میں اٹھانا ضروری تھا..

زیان نے ایک دو بیگز پکڑ کر پاس چیئر پر رکھ دیے...

فاطمہ نے بیگز رکھ کر پسینہ صاف کرنے کے انداز میں ماتھے پر انگلی پھیری.. جیسے پتا نہیں کتنا کام کر کے آئی ہو

زیان بھائی اتنے سارے گفٹس....

وہ چیخ کر بولی .

Posted on Kitab Nagri

فاطمہ.... عائشہ نے اسے گھورا..

کیا... زیان بھائی اب میں خوش بھی نا ہوں...؟؟ اس نے بچوں کی طرح منہ بنا کر کہا..

ارے.. نہیں نہیں.. عائشہ مت کہو اسے کچھ...

عاشو اب میں اپنے گفٹس دیکھنے لگی ہوں..

مگر زیان بھائی ایک بات سمجھ نہیں آئی..؟؟

کیا...؟؟؟

آپ اکیلے شوپنگ کرنے گئے تھے ؟؟؟.

Posted on Kitab Nagri

نہیں عائشہ ساتھ تھی...

توانہوں نے آپ کو فضول خرچی پر دو صفوں کا لکچر نہیں دیا...؟؟

اس نے بیگز ٹٹولتے کہا..

زیان ہلکا سا ہنسا..

اب عادت ہوگئی ہے. ..

فاطمہ...عائشہ نے غصے سے کہا..

بس آپ.لوگوں کو تو میں ہی غلط لگتی ہوں..عائشہ نے منہ بنا کر کہا..

Posted on Kitab Nagri

زیان آپ بیٹھیں میں آپ کے لئے کافی لاتی ہوں ۔۔عائشہ کہہ کر کمرے سے نکل گئی جاتے جاتے فاطمہ کو اشارہ کیا کہ تمیز سے رہنا..

زیان بھائی...

جی..؟؟

آپ ناعاشو کی باتوں کو سیریس نالیا کریں...یہ ایسے ہی کرتی ہیں..

ٹھیک ہی تو کہتی ہے...زیان نے موبائل دیکھتے کہا..

واؤ...آپ. میرے لئے موبائل لے آئے ..

Posted on Kitab Nagri

یہ عائشہ نے لیا تھا..وہ کہہ رہی تھی تمہیں بہت پسند تھا یہ

زیان بھائی ایک بات بتاؤں...؟؟

جی...

جب آفس میں عاشو کو آپ.نے موبائل.دیا تھا..مجھے پتا تھا کہ وہ پچاس ہزار کا تو ہے نہیں...

زیان نے اس بار اوپر دیکھا.. مسکرایا اور اسے آنکھ ماری..

تو آپ نے عائشہ کو کیوں نہیں بتایا..زیان نے کہا

توبہ کریں اگلے دن جا کر آپ کی وہ کلاس لیتی نا..اور دوسرے لمحے ریزائن کر آتیں ...

Posted on Kitab Nagri

ہاہاہا... اچھا. ایسا کیوں..؟؟

بس جب غصہ آتا ہے تو فوراً کچھ کر دیتی ہیں..

ہمم... کیوٹ ہے نا... زیان مسکرایا

نہیں آپ. کو لگتی ہیں.. مجھے نہیں... ہر وقت چوبیس گھنٹے میری کلاس لیتی ہیں..

زیان ہلکا سا ہنس دیا...

عاشو ایسی ہی ہیں.. انہیں ڈائمنڈ سے زیادہ کانچ کی چوڑیاں اچھی لگتی..

Posted on Kitab Nagri

وہ کونسی ہوتی ہیں...؟؟

ہیں آپ کو نہیں پتا...؟؟

اب مجھے لڑکیوں کی چیزوں کا کیا پتا...

اچھا چلو کس جیولری شاپ سے ملیں گی .....؟؟

کسی بھی دکان سے مل. جائیں گی.. بس جیولری شاپ سے نہیں ملیں گی... ہنس دیا

اچھا.... زیان پھر سے مصروف ہو گیا..

زیان بھائی آپ کو عاشو کی بچپن کی تصویریں دکھاؤں...

Posted on Kitab Nagri

وہ بھاگ کر لیب ٹاپ اٹھا کر زیان کے پاس آ گئی...

اور اس کے ساتھ بیٹھ گئی..

لیب ٹاپ کی سکرین پر تینوں بہنوں کی تصویر دیکھ کر زیان مسکرادیا..

زیان اور فاطمہ تصویریں دیکھ رہے تھے.. ساتھ ساتھ ہنس رہے تھے

ایک تصویر میں ایک لڑکے نے عائشہ کو اٹھایا ہوا تھا..

یہ کون ہے...؟؟

زیان کافی...عائشہ اندر داخل.ہوئی .

Posted on Kitab Nagri

فاطمہ نے جلدی جلدی وہ تصویر ڈلیٹ کر دی .

زیان نے حیرت سے دیکھا...

کیا دیکھ رہے ہو....؟؟

کچھ نہیں...فاطمہ بولی...

عاشو تھنک یو آپ. میرے لئے اتنے گفٹس لائیں..

زیان سے کہو میں تو ایک سے زیادہ ہر گز ہر گز نالاتی..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اچھا عائشہ میں فیس واش کر آؤں زرا

زیان کمرے سے باہر نکلا..

ہائے.. میں تو زیان کا ٹاول. بھی نہیں لائی ..

اوہو عاشو کبرڈ میں پڑا ہے نیو ..

آپ. نکال دیں...

اوکے . .

..................

Posted on Kitab Nagri

زیان ٹاول...عائشہ نے پکڑا

زیان نے اپنا چہرہ صاف کیا..

بہت ان کنفرٹیبل ہو رہے ہیں نا...؟؟

نہیں تو ...

مجھے پتا ہے...اپنی چیزوں کے بنا آپ.....

اوہو..میں سچ میں ٹھیک ہوں. پریشان نا ہو تم...

زیان مسکرایا...

Posted on Kitab Nagri

ہم کل جا رہے ہیں...

کہاں..؟؟

جہاں ایک کچھ دنوں بعد جانا تھا...زیان نے آنکھ مارتے کہا..

مگر زیان..کیوں..؟؟

میرا دل کر رہا بس.....اس نے کندھے اچکاتے کہا..

مگر آفس...

Posted on Kitab Nagri

وہ اصل میں جن ڈیز میں ہم .نے جانا تھا..تب میرا آفس ہونا ضروری تھا تو میں نے کہا پلین خراب کرنے سے بہتر ہے..ہم اب چلے جاتے ہیں... کیوں تم نہیں جانا چاہتی...؟؟

اللہ.... میں نے ایسا کب کہا..

بکنگ کا کام حاشر کر چکا....

زیان نے ٹاول اس کی جانب بڑھاتے کہا..

سو.. مس عائشہ... زیان نے اس کا ہاتھ پکڑتے کہا..

پہلے چلے جائیں.....

ہاہا زیان اس کی بات پر زور سے ہنسا... جیسے بہت دیر بعد پر سکون ہوا ہو...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

..........................

سر نہیں آئے آج...؟؟ مسکان نے پوچھا

نہیں..انہوں نے کچھ دنوں کا آف لیا ہے....

مگر وہ تو انہوں نے کچھ دن بعد....

بھئی مجھے کیا پتا..باس ہیں ان کی مرضی..ہاں میٹنگز کا سکیجوال انہوں نے کچھ دن بعد کا کر دیا..

مسکان کو اندر ہی اندر غصہ آنے لگا...

اچھا کام کر لو تم....

Posted on Kitab Nagri

ایسے کیسے جاسکتے ہیں وہ.... مسکان نے دل. میں سوچا..

میں کبھی بھی زیان کو اس کا نہیں ہونے دوں گی...

کوئی بات نہیں واپس آجانے دو...

.....................

سر آپ. کے روم کی کی... اس نے چابی زیان کو پکڑاتے کہا..

تھنکس.. زیان نے پکڑ لی..

سر آپ کا سامان روم میں شفٹ کر دیا ہے...

Posted on Kitab Nagri

اوکے..

چلیں میڈم...یان نے کہا

ارم...

وہ کچھ دیر تک آجائیں گے...اور میڈم اب آپ. میرا خیال کریں. دوسروں کا نہیں...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عائشہ مسکرادی...

زیان نے کمرے کا دروازہ. کھولا...

Posted on Kitab Nagri

مگر حیرت سے دیکھے گیا...

پورا کمرا پھولوں سے سجا ہوا تھا..بیڈ کی سائڈز پر بھی سرخ گلاب تھے..

زیان پھٹی آنکھوں کے ساتھ دیکھے گیا.

عائشہ اندر داخل ہوئی...

عائشہ یہ...وہ...میں نے تو سمپل...زیان کو سمجھ نہیں آرہا تھا..

ہائے..اللہ...زیان کتنا پیارا لگ رہا نا....عائشہ خوشی سے بولی..

یہ حاشر کے کام ہیں ....اس نے اندر داخل ہوتے کہا..اور دروازہ بند کیا..

Posted on Kitab Nagri

مجھے تو اچھا لگ رہا ہے...عائشہ نے نچلا ہونٹ دانتوں سے دباتے کہا..

سیریسلی...؟؟زیان نے اسے گھورا..

بلکل.. ہم. ہنی مون پر آئے ہیں.. تو ایسا ہی روم ہو گا نا...عائشہ نے ہنس کر کہا..

مجھے تمہارے ارادے نیک نہیں لگ رہے...زیان نے جیکٹ اتارتے مزاق میں کہا..

کیوں کہ روم گرم تھا...

نیک ہیں بھی نہیں...عائشہ اس کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

زیان نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے کھینچا..

وہ زیان کے سینے سے ٹکرا گئی..

عائشہ نے اپنا ہاتھ زیان کی شرٹ پر رکھا اور اسے کھینچا..

کیوں آپ کے ارادے نیک ہیں...عائشہ نے مسکراہٹ دباتے کہا...

پہلے تو نیک ہی تھے.. مگر اب کچھ کہہ نہیں سکتے....زیان کے ابھرو اچکاتے کہا..

عائشہ زور سے ہنس دی...

زیان میں بہت خوش ہوں.. بہت عرصے بعد اتنا خوش ہوں.. کیوں کہ آپ میرے ساتھ ہیں.. میرا پاس آپ ہیں...

Posted on Kitab Nagri

زیان نے اسے سینے سے لگایا..

ہاں لگ رہا ہے...ویسے میرا خیال ہے اس بار میں بھی بہت خوش ہونے والا ہوں..

اس نے عائشہ کا ناک مڑوڑتے کہا..

..........................

حاشر آپ کو لگتا ہے کہ زیان بھائی اور عائشہ کے درمیان سب ٹھیک ہو جائے گا....ارم نے حاشر سے کہا..

ہاں پہلے یقین نہیں تھا..اب ہے....

کیوں؟؟

Posted on Kitab Nagri

کیوں کہ کمرہ دیکھنے کے بعد مجھے زیان کی کوئی کال یا میسج نہیں آیا.. ورنہ اس وقت مجھے برا بھلا کہہ رہا ہوتا....

حاشر ہنس دیا...

حاشر...ارم اس کے گلے لگ گئی..

آپ بہت اچھے ہیں...ارم نے کہا..

ویسے تم نے مجھے بہت ترسایا ہے....

کیسے..؟؟

کتنا کہتا تھا کہ شادی کر لو...

Posted on Kitab Nagri

ہاں تو کر لی نا.... ارم ابھی تک اس کے سینے سے لگی ہوئی تھی ..

ویسے آپ. میں صبر بلکل نہیں ہے.... زیان بھائی کو دیکھا..

ہاہاہاہا.. اس سے بے صبر اانسان.. یاد ہے کیسے شادی کی تھی اس نے.....

ارم بھی ہنس دی....

اب ہم صرف اپنی بات کریں گے... اوکے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حاشر نے اس کے گال پر بوسہ دیا..

ارم بلش کرنے لگی..

Posted on Kitab Nagri

..................

زیان آپ کو گاڑی نا خود ڈرائیو نہیں کرنی چاہی ئے...

عائشہ اور زیان اگلے دن باہر گھوم رہے تھے

دیکھیں نا کتنی ڈینجرس روڈز ہیں...

مجھے تو ڈر لگ رہا...

کچھ نہیں ہوتا.. اچھا ڈرائیور ہوں میں...

اگر ہم گم. گئے تو......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

مجھے رستے یاد ہیں عائشہ...

آپ. پہلے بھی آئے ہیں..؟؟اس نے حیرت سے پوچھا..

جی ہاں..بہت بار...جب میں آفس ورک سے تھک جاتا تھا تو سکون کے لئے کچھ وقت یہاں آجاتا تھا...

تو آپ نے بتایا کیوں نہیں...اسے افسوس ہو رہا تھا..

ہم کہیں اور چلتے نا...؟؟

میں آپ کے ساتھ انجوائے کرنے آیا ہوں...زیان مسکرایا..

عائشہ بھی مسکرا دی...

Posted on Kitab Nagri

ہمارا پاکستان کتنا خوبصورت ہے نا...؟؟ عائشہ نے باہر دیکھتے کہا...

میرے بیوی کتنی خوبصورت ہے نا....؟؟

زیان نے اس کی طرف چہرہ موڑ کر دیکھا...

زیان میرا دل کرتا میں آپ کو دیکھتی رہوں...

تو منع کس نے کیا ہے...زیان اس وقت سامنے دیکھ رہا تھا. کیوں کہ راستہ تھوڑا ناہموار تھا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو مجھے ڈر لگتا ہے نا.. کہ کہیں آپ کو میری نظر نا لگ جائے..

واہ... کبھی مجھے جن کہتی تھی تم ..

Posted on Kitab Nagri

کیوں کہ آپ ہر جگہ پہنچ جاتے تھے... میرے پیچھے .... اس نے مسکراہٹ دباتے کہا

اوہیولو... پیچھے کسی کے نہیں جاتا میں...

ایک تو یہ جو جو آپ کی میں ہے نا....

ہاہاہا.. ایسے ہی قبول کرو مجھے اب.. جیسا ہوں میں..

قبول کر لیا ہے... تبھی تو یہاں ہوں... عائشہ بلش کرنے لگی...

زیان نے گاڑی روکی ..

عائشہ...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جی...؟؟

تھنک یو... مجھے ایکسپٹ کرنے کے لئے...

عائشہ نے نظریں جھکا لیں..

چلو باہر...

اوکے..

ارے... صاحب جی......

دور سے ایک لالہ جی بھاگ کر آئے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم. لالہ جی...

میں نے سوچا کہ آپ آئے نہیں بڑا ٹائم ہو گیا...

بس لالہ جی تھوڑی مصروفیت تھی.. آپ کیسے ہیں..؟؟

صاحب جی ہم تو ٹھیک ہے...وہ پشتو لہجے میں بول رہا تھا...

چائے پلا دیں ...لالہ جی..

عائشہ دونوں کو دیکھے جا رہی تھی.. جیسے جیسے شام ہو رہی تھی سردی تھوڑی بڑھ رہی تھی..

Posted on Kitab Nagri

عائشہ یہ لالہ جی ہیں.. سب سے اچھی چائے بناتے ہیں...

سلام بھابھی جی...

وعلیکم اسلام...

صاحب جی پہلی بار کسی خاتون کے ساتھ آئے ہیں.. تو بھابھی ہی ہو گا...

عائشہ ہنس دی..

آپ. بیٹھو میں چائے لاتا...

دیکھ لو میرا کردار کتنا صاف ہے... میں کسی لڑکی کے ساتھ نہیں آیا..؟؟

Posted on Kitab Nagri

اچھا جی...عائشہ نے گھورا.

ویسے یہ بھی ہو سکتا کہ میں اتنا کمال. کاہوں کہ کسی کو خبر بھی نہیں ہونے دیتا.... اور.....

اچھا بس کریں...

وہ ہنس دیا...

سردی لگ رہی ہے...؟

ہم... تھوڑی... عائشہ نے کہا. جس کا ناک سرخ ہو چکا تھا..

Posted on Kitab Nagri

میں گاڑی سے شال لے آتا ہوں...

نہیں ٹھیک ہے زیان..

یہ دریا کتنا خوبصورت ہے نا..

اس نے کچھ دور بہتے دریا کو دیکھ کر کہا..

ہم...زیان مسکرا دیا..

زیان کی کال آنے لگی...

اس نے. موبائل. نکالا..

Posted on Kitab Nagri

عائشہ اگر تم برا نا مناؤ تو میں کال.... اس نے فون دیکھاتے کہا..

مسکان کالنگ.... عائشہ کی. نظر پڑ گئی..

جی...

تھنک یو...

زیان یہ کہہ. کر اٹھ کر. چلا گیا..

ضرور کوئی کام کی بات ہو گی.. ورنہ وہ کال کیوں کرتی.. عائشہ نے دور کھڑے زیان کو بات کرتا دیکھ کر سوچا...

...............

Posted on Kitab Nagri

زیان اور عائشہ پیدل چلتے گ ۓ... کبھی پتھروں پر وہ وہ زیان کا سہارا لے لیتی..

اوہ.. وہ دیکھو... زیان نے ایک پٹھان کی چھوٹی سی دکان دیکھ کر کہا..

آپ نے کیا لینا..؟؟

چلو. زیان اس کا ہاتھ پکڑ کر لے گیا..

وہاں لڑکیوں کی خوبصورت چیزیں تھیں.. ہاتھ سے بنی جیولری.. وغیرہ..

آپ کے پاس چوڑیاں ہیں. زیان نے کہا..

اس نے اسے دیکھائیں..

Posted on Kitab Nagri

نہیں کانچ کی...؟؟

عائشہ نے زیان کو دیکھا..

عائشہ کونسا کلر...؟؟

عائشہ نے سامنے پڑی سرخ چوڑیوں کی جانب اشارہ کیا...

زیان نے وہ اٹھائیں اور اسے پہنا دیں..

زیان کتنی پیاری ہیں نا...وہ خوشی سے بولی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

تھنک یو.

عائشہ تم گاڑی کے پاس چلو... ہم چلتے ہیں اب.. کیوں کہ سردی زیادہ ہو گئی ہے..

او کے..

زیان ساتھ ساتھ پیسے نکالنے لگا..

ارے صاحب جی میرے پاس اتنا کھلا...

ارے رکھ لو.. میری بیوی خوش ہو گئی اور کیا چاہیے... زیان نے مسکرا کر کہا..

شکریہ. صاحب جی...

Posted on Kitab Nagri

...............

زیان آپ کو کیسے پتا کہ مجھے کانچ کی چوڑیاں پسند ہیں...؟؟ وہ ابھی بھی ان کے ساتھ کھیل رہی تھی..

فاطمہ نے بتایا تھا..

تھنک یو زیان... دیکھیں کتنی پیاری ہیں نا..

اس نے اپنا بازو زیان کی طرف کیا..

ہاں بہت..!!!!... مہنگی جو بہت تھیں.. میرے ڈائمنڈز کی تو قدر ہی نہیں تمہیں...زیان نے آہستہ سے کہا..

Posted on Kitab Nagri

زیان کیا منہ میں بولی جا رہے ہیں.. اونچی بولیں

اب پتا چلا کہ میں تمہارے بڑبڑانے کی عادت پر کیوں چڑ جاتا تھا....

عائشہ نے مسکرا کر زیان کو دیکھا..

کیا ہوا...؟؟

میں بہت خوش ہوں..

اس نے اپنے چہرے کو ہاتھوں سے پکڑتے کہا..

ان چوڑیوں کی وجہ سے...؟؟ زیان نے حیرت سے دیکھا..

Posted on Kitab Nagri

اوہو... آپ کی وجہ سے.. میرا دل کر رہا زور سے ہگ کرلوں آپ کو...

زیان نے گاڑی روکی.. او کے کرو....؟؟؟

زیان آپ بھی نا... گاڑی چلائیں...

زیان ہنس دیا..

...

رات بہت گہری ہو چکی تھی۔۔۔ آسمان پر گہرے بادل چھائے ہوئے تھے۔۔۔۔ جگہ تھوڑی سنسان تھی لیکن خوبصورت بھی تھی۔۔ ہر طرف پہاڑ اور درخت تھے۔۔۔ عائشہ اور زیان سڑک پر ایک دوسرے کا ہاتھ تھامے چل رہے تھے

Posted on Kitab Nagri

عائشہ تم خوش ہونا۔۔۔زیان نے اس کا ہاتھ زور سے پکڑتے کہا..

جی۔۔زیان میں بہت خوش ہوں...وہ. معصومیت سے مسکرائی.

زیان یہ جگہ بہت اچھی ہے۔۔میرا ہمیشہ سے کسی ایسی جگہ پر آنا چاہتی تھی۔۔.

خوبصورت تو بہت ہے...اور عائشہ میرا بس چلے تو میں ساری زندگی تمھارے ساتھ ایسے ہی چلتا رہوں۔۔عائشہ مسکرادی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زیان آپ بہت اچھے ہیں۔۔وہ ہنس دی..

اور...؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

امم......اور آپ میری بہت کیئر کرتے ہیں۔۔وہ سوچتے بولی..

اور...؟؟

اور آپ غصہ بہت جلدی ہو جاتے ہیں...؟؟

عائشہ نے مسکراہٹ دباتے کہا..

میں نے تعریفوں کا کہا تھا...زیان نے منہ بنایا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اتنا.......خیال رکھتے ہیں میرا...

یہ تو میرا فرض ہے....اس نے کندھے اچکا کر کہا..

Posted on Kitab Nagri

زیان میں نے بہت ہی کم مرد دیکھے ہیں جو اپنی بیوی کو عزت دیتے ہیں اس کی کیئر کرتے ہیں۔۔۔اللہ نے عورت کو مرد کی پسلی سے پیدا کیا۔۔اگر ہم اسے سیدھا کرنے کی کوشش کریں گے تو یہ ٹوٹ جائے گی۔۔بس تھوڑا نرمی سے ہینڈل کرنے کی ضرورت ہے۔۔

زیان چلتے چلتے رکا۔عائشہ کا ہاتھ چھوڑا اور اس کے چہرے کو اپنے ہاتھوں سے پکڑا

وہ دونوں ایک دوسرے کی آنکھوں میں دیکھ رہے تھے۔۔

عائشہ۔۔میں تم سے وعدہ کرتا ہوں کہ کبھی تمہیں ٹوٹنے نہیں دوں گا۔۔۔

I know zayan.

وہ دونوں مسکرائے اور زیان نے اس کی پیشانی پر بوسہ دیا۔۔

زیان سیدھا کھڑا ہو گیا اور چلایا۔۔۔۔۔

I love you Ayesha..

ہر طرف خاموشی تھی پوری سڑک پر اس کی آواز گونجی

Posted on Kitab Nagri

زیان کیا کر رہے ہیں۔۔ کوئی سن لے گا

عائشہ نے اسے روکنے کی کوشش کی

کوئی سنتا ہے تو سنے.. میں اپنی بیوی سے کہہ رہا ہوں...

وہ پھر سے چلایا

I love u  Ayesha more than anything in  this world

اور اس نے عائشہ کو اپنے سینے سے لگا لیا۔۔ عائشہ بھی مسکرا دی

زیان آپ میری زندگی کی وہ نعمت ہیں کہ جس کا جتنا بھی شکر کروں کم ہے۔

۔

اچھا......اور تم پتا نہیں میری کس نیکی کا صلہ ہو۔۔ جو اللہ نے مجھے تمہیں سونپ دیا

وہ دونوں مسکرا دیئے

Posted on Kitab Nagri

......................

عاشو کیسا رہا آپ کا ٹرپ...؟؟ عائشہ حور کے کمرے میں آئی..

بہت....اچھا....عائشہ نے مسکرا کر کہا..

اوہو... مطلب.... اللہ کا. شکر ہے کہ آپ اور بھائی بھی کلوز آئے.. اچھا لگا عاشو کہ آپ نے یہ فیصلہ لیا..

زیان کا حق تھا.. اور بیوی ہونے کے ناطے یہ میرا فرض.. جسے سمجھنے میں مجھے تھوڑی دیر لگ گئی...

عاشو آپ مجھ سے ہر بات شئیر کر لیتی ہیں.. آج میں آپ سے کچھ شئیر کرنا چاہتی ہوں.. میں آپ کے آنے کا ویٹ کر رہی تھی..

Posted on Kitab Nagri

ہاں بولو...

مگر سمجھ نہیں آرہا کیسے کہوں..؟؟

ریلکس. ہو کر. بتاؤ...

عاشو بھائی نے جب آپ کو پرپوز کیا تھا تو آپ نے کیا جواب دیا تھا...

یہی جو ہر لڑکی کو دینا چاہئے کہ اس کا فیصلہ میرے بابا کریں گے...

عاشو وہ مجھے کسی نے...

پرپوز کیا ہے...؟؟؟ عاشو نے حیرت سے کہا

Posted on Kitab Nagri

جی...؟

کب کہاں کون ہے وہ..؟؟

میں ٹرکی پڑھنے گئی تھی نا.. تو وہاں تھا.. یہیں رہتا ہے پاکستان میں..

اچھا.. تو کیسا لڑکا ہے.. میرے مطلب وہ سنسئیر ہو یہ نا ہو کہ..

نہیں نہیں عاشو.. وہ رشتہ بھیجنا چاہتا ہے...

مگر پہلے یہ بتاؤ کہ تم اسے پسند کرتی ہو...

Posted on Kitab Nagri

حور نے نظریں جھکا دیں...

جی....

عائشہ مسکرا دی..

کوئی بات نہیں..شرمندہ مت ہو..

عاشو..آپ بھائی سے بات کریں نا...بھائی غصہ کریں گے..

نہیں کرتے..میں کروں گی بات..

وہ پکا نا رشتہ ہی بھیجنا چاہتا ہے نا..؟؟یہ.نا ہو کہ ٹائم پاس کر رہا ہو..اور اس کی نیچر اور فیملی تو اچھی ہے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

جی مگر ہماری طرح بہت امیر تو نہیں ہیں.. مگر ٹھیک ہیں.. وہ سکولر شپ. پر پڑھنے گیا تھا.. بہت محنتی ہے...

جی عاشو....

حور مگر ایک بات یاد رکھنا زیان پہلے چیک کریں گے.. انہیں اگر..

جی مجھے پتا ہے... اور مجھے امید بھی ہے کہ وہ مایوس نہیں ہوں گے...

مگر تمہیں بھی پھر زیان کے فیصلے کا احترام کرنا ہو گا....

جی... مگر ڈر لگ رہا ہے.. بھائی کیسے ری ایکٹ کریں گے.. کہ میں نے تمہیں پڑھنے بھیجا تھا اور..

یہ تو مجھے بھی نہیں پتا.. مگر زیان پوزسیو ہیں...

Posted on Kitab Nagri

جی...

کچھ زیادہ نہیں ہیں ویسے..؟؟ وہ ہنس دی

بھائی بہت زیادہ سنسٹو ہیں..پہلے نہیں تھے.. مگر بابا ماما کی ڈیتھ کی بعد سے ڈر گئے ہیں.. کہ جن رشتوں سے وہ محبت کرتے ہیں.. وہ ان سے دور چلیں جائیں گے...

اس لئے غصہ بھی بہت ہو جاتے ہیں.. اور ہلکی سے چوٹ پر پینک بھی...

محبت کرنے سے ڈرتے تھے کیوں کی یونی لائف میں .... حور رک گئی شاید غلط بول گئی تھی..

کیا...؟؟

کچھ نہیں آپ یہ بتائیں آپ بھائی سے بات کریں گی..

Posted on Kitab Nagri

پہلے تم مجھے بات بتاؤ...

نہیں سوری آپ کو برا لگ جائے گا..

نہیں لگتا.. میں میچور ہوں.

بھائی ایک لڑکی کو پسند کرتے تھے.. مگر شاید وہ بھی کرتی تھی.. مگر کوئی فیملی ایشو کی وجہ سے کوئی مسئلہ ہو گیا تھا.. یاد نہیں مجھے...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کو برا لگ گیا ہو گا نا...

نہیں وہ ان کا پاسٹ تھا... اور ہر انسان کا پاسٹ ہوتا ہے... اس پاسٹ کی بیس پر اس انسان کو فیوچر میں بھی قصور وار تو نہیں ٹھہرانا چاہئے.... تم چھوڑو...

میں کروں گی بات... زیان سے.. اپنے طریقے سے...

Posted on Kitab Nagri

تھنک یو عاشو...وہ مسکرا دی..

خوش رہو...

وہ لڑکی خوبصورت ہو گی نا بہت...زیان کو پسند تھی... کیسی ہو گی...عائشہ دل میں منہ بنا بنا کر سوچنے لگی سوچنے لگی... خیر اب تو وہ مجھ سے پیار کرتے ہیں..

مگر اگر وہ واپس آ گئی تو.. نہیں نہیں اس کی تو شادی ہو گئی ہو گی...

.......

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عاشو ایک بات کہوں... آپ کے فون میں ٹریکر ہو گا... کیوں کہ میرے ہے...ایک دفعہ گم گئی تھی نا میں.. وہ ہنس دی.. بھائی بہت ڈر گئے تھے...

پتا نہیں شاید آپ کے بھی ہو..

Posted on Kitab Nagri

اللہ ...زیان زیادہ ہی کیر رنگ ہیں.....

ڈرتے ہیں نا.....وہ مسکرادی..

کتنے راز مجھ سے چھپا کہ رکھتے ہیں...

محبت بھی تو بہت کرتے ہیں..

حور نے کہا..

عائشہ مسکرادی...

...........

زیان.....

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

زیان لیب ٹاپ پر مصروف تھا..

سنیں نا...

عائشہ ایک منٹ.....

اچھا چلیں ایسے ہی بتا دیں..

زیان ایک بات میرے دل میں آئی کہ بھائی ہونا کیسا ہوتا...؟؟

مطلب...اس نے کام کرتے کہا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھیں ایز آ ہز بنڈ مجھے پتا کہ کیسا فیل کرتے ہیں.. بابا بھی مگر. آپ کی اگر بہن ہو اور وہ کسی کو پسند کر لے تو ایک بھائی کو کیا فیل ہوتا.....؟؟ ایسے ہی دل میں خیال آیا..

زیان نے یک دم لیب ٹاپ بند کیا...

Posted on Kitab Nagri

اور ادھر آیا..

حور نے کسے پسند کیا ہے...؟؟

کیا.؟؟عائشہ گھبرا گئی..

بتاؤ.. کون ہے وہ.؟؟

میں تو..

عائشہ میں بچہ نہیں ہوں.. اور تم کوئی بات بے مقصد نہیں کرتی...

Posted on Kitab Nagri

عائشہ حیران تھی کہ وہ کتنی جلدی سمجھ گیا..

آپ کو کیسے .پتا..؟؟

مجھے پتا ہے وہ تمہیں ہی پہلے بتائے گی...زیان کے ماتھے پر ہلکی ہلکی سلوٹیں پڑیں..

کون ہے وہ..؟؟

زیان.. کیا پسند کرنا جرم ہے..

عائشہ بات یہ نہیں ہے...بس ہم بھائیوں کو تھوڑا ڈر لگتا ہے کہ پتا نہیں دوسرا شخص کیسا ہو گا...

بات غیرت کی نہیں ہے...اصول لڑکا لڑکی دونوں کے لئے ایک ہیں..میں پسند کر سکتا ہوں تو وہ بھی کر سکتی ہے.. مگر وہ معصوم ہے پتا نہیں..

زیان میں بھی معصوم تھی....

Posted on Kitab Nagri

عائشہ تم سے محبت میں نے کی تھی.. میں سنسئر تھا تو شادی کی.. مگر اس کا کیا پتا کہ....

وہ رشتہ بھیجنا چاہتا ہے.... عائشہ بولی...

مجھے پتا ہونا چاہئے کہ کون ہے... میں پہلے پتا کروں گا اس کے بارے میں... ملوں گا پھر کوئی فیصلہ کروں گا...

جی آپ اپنی تسلی کر لیں...

میں حور سے بھی بات کرنا چاہتا ہوں..

ابھی رک جائیں.. کل کر لیجئے گا.. وہ ڈر جائے گی....

Posted on Kitab Nagri

زیان کسی سوچ میں گم گیا...

زیان ایک بات کہوں.؟؟

آپ تھوڑا ریسٹ کر لیں..

جب سے آئیں ہیں کام کرتے رہتے ہیں.

آفس سے بھی لیٹ آتے ہیں....

ہاں بس کام کا تھوڑا لوڈ ہے...وہ ابھی تک سوچوں میں گم تھا...

..........................

سر آپ کچھ دنوں سے لیٹ تک کام کر رہے ہیں..

Posted on Kitab Nagri

جی مسکان آپ جانتی ہیں.. کام تھوڑا زیادہ ہے..

سر میں ہیلپ کروا دیا کروں...

جی نہیں.. میں آپ کو پہلے منع کر چکا ہوں...

آپ کا یہاں یوں دیر تک کام کرنا ٹھیک نہیں ہے....

آپ جا سکتی ہیں....

سر میں رہنا چاہتی ہوں...

کیا مطلب ہے آپ کا...؟؟ زیان تھوڑا چونکا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

دیکھئے مس مسکان بہت ٹائم ہو گیا آپ جائیں.. زیان چیئر سے اٹھ کر آیا.

وہ زیان کے قریب گئی.

مس مسکان... پلیز آپ جائیں... اس نے دروازے کی جانب اشارہ کیا...

مسکان نے زیان کا ہاتھ پکڑا....

زیان نے جھٹکے سے چھوڑا..

میں آپ سے محبت کرتی ہوں..؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ کو اندازہ ہے کہ آپ کیا بکواس کر رہی ہیں...

زیان سر... میں دیوانوں کی طرح آپ سے محبت کرتی ہوں...

Posted on Kitab Nagri

.

مس مسکان آپ ہوش میں نہیں ہیں.. چلیں جائیں یہاں سے...

میں آپ کے بنا مر جاؤں گی....

آپ جانتی ہیں میں ایک شادی شدہ مرد ہوں.... زیان غصے سے بولا..

مجھے فرق نہیں پڑتا...

میرے خیال ہے آپ نے میرے احترام کا غلط مطلب لے لیا ہے...

مس مسکان آپ اکیلی رہتی ہیں.. اگر آپ کو اس جاب کا خیال ہے.. تو اپنے ان جزبات کو سنبھال کر رکھیں... میں نہیں چاہتا کہ میں آپ کو اس جاب سے نکالوں... ورنہ دل میرا یہی کر رہا ہے... آپ کا احترام کر لیا... آپ حد سے ہی بڑھ گئیں..

Posted on Kitab Nagri

محبت کرنا جرم ہے...؟؟

نہیں مگر جب پتا ہے آپ کو شروع سے ہی کہ میں شادی شدہ ہوں تو آپ کو اپنے جزبات پر قابو کرنا چاہئے تھا.

نہیں رہا قابو.... کیا کروں میں....

فلحال یہاں سے چلی جائیں....

سر کیا کمی ہے مجھ میں...؟؟ جو آپ میری طرف متوجہ نہیں ہوتے... خوبصورت ہوں... کیا ہے اس عائشہ میں...؟؟

جو تم میں نہیں ہے... نا کسی اور لڑکی میں... زیان عائشہ کے نام پر بھڑک اٹھا...

میں بھی آپ کو سب کچھ دے سکتی ہوں.. آپ مجھ سے شادی کر لیں.... اپنی بیوی کو مت بتائے گا...

Posted on Kitab Nagri

دفع ہو جائیں یہاں سے...

I said get out....

وہ دھاڑا...

مسکان چپ چاپ نکل گئی.... مگر اس کے دماغ میں کچھ تو چل رہا تھا...

............

زیان آج کافی دیر سے گھر آیا کچھ وہ مسکان والے واقعے کی وجہ سے ڈسٹرب تھا...

وہ کمرے میں داخل ہوا....

Posted on Kitab Nagri

زیان آپ نے بہت دیر کر دی.... عائشہ نے اس کا کوٹ اتر واتے کہا..

ہم... بس آفس میں تھا .

اتنی دیر تک...

ہم.... وہ بہت پریشان تھا...

غصہ الگ آیا تھا...

اتنا کام مت کی کریں... تھک. جاتے ہیں آپ.....

میں تمہارے آنے سے پہلے بھی اتنی ہی کام کر تا تھا... وہ غصہ ہو گیا...

Posted on Kitab Nagri

میں تو وہ...

عائشہ خدا کے لئے تھکا آیا ہوں.. تم اپنے سوال بعد میں کر لینا..

عائشہ تھوڑا سہم گئی..

میں کھانا لگاؤ.. اس نے ہمت کر کے کہا .

مجھے بھوک نہیں ہے... تم سو جاؤ جا کر..... وہ واشروم کی طرف چلا گیا.. ..

عائشہ آنکھوں میں پانی لئے کچھ وقت کھڑی رہی....

پھر دوپٹا صوفے پر اچھالا اور بیڈ پر جا کر لیٹ گئی..

Posted on Kitab Nagri

میں آپ کا ویٹ کر رہی تھی.. کہ مل کر کھانا کھائیں گے....

وہ دل میں سوچنے لگی... ساچتے ساچتے اس کے اپنی آنکھیں بند کیں..

زیان کافی ٹائم بعد باہر آیا...

آنکھیں سرخ تھیں اس کی.. .

ٹاول سے گیلے بال خشک کر رہا تھا...

ٹاول صوفے پر رکھا تو عائشہ کے دوپٹے پر نظر پڑی...

اس نے مڑ کر عائشہ کو دیکھا.. جو شاید سو گئی تھی..

Posted on Kitab Nagri

زیان کو اپنے رویہ پر افسوس ہوا..

فضول میں ڈانٹ دیا اسے...

زیان اس کے پاس آیا....

اس کے بال چہرے پر بکھرے ہوئے تھے...

زیان مسکرایا. وہ جھکا...

اپنے ہاتھ سے اس کے بال کان کے پیچھے کئے...

Posted on Kitab Nagri

وہ معصوم سا چہرہ لئے بے خبر سو رہی تھی...زیان کو اس پر بت انتہا کا پیار آیا

اس نے جھک کر اس کے گال پر بوسہ دیا....

گیلے بالوں سے پانی کا قطرہ گرنے کی وجہ سے وہ تھوڑا ہلی مگر پھر سوئی رہی ..

کھانے کا ہو تو کہہ رہی تھی...

اوہ کھانا...اس نے تو کھانا نہیں کھایا ہونا....شٹ شٹ شٹ.....

زیان نے ٹیبل پر پڑا گلاس اٹھایا کہ زمین پر پٹخ دے..

مگر عائشہ کو دیکھ کر اس کا ہاتھ ہوا میں ہی رک گیا

کیا کروں اب...اسے خود پر غصہ آیا.

Posted on Kitab Nagri

ایسا کرتا ہوں.. پہلے کھانا لے آتا ہوں... پھر اٹھالوں گا.. اب بھوکا تو نہیں سونے دے سکتا...

وہ کمرے سے نکل گیا..

دروازے کی ہلکی سی آواز پر عائشہ نے آنکھیں کھولی... وہ اٹھی اور مسکرا دی..

ہنہ..... جب پتا ہے بعد میں افسوس ہونا تو پہلے ہی انسان غصہ نا کرے....

اس نے منہ بنا کر کہا..

مگر ساتھ ہی گال پر ہاتھ رکھ کر مسکرا دی.

زیان جاوید ابھی میں بھی ڈرامہ کروں گی تھوڑا سا... کھانا لے کر تو آئیں.....

Posted on Kitab Nagri

ساتھ وہ بچوں کی طرح اکسائٹڈ ہو گئی...

زیان ٹرے پکڑے پکڑے میں آیا...

عائشہ بیڈ پر چہرہ دوسری جانب کیئے بیٹھی تھی..

عائشہ اٹھ گئی تم...

زیان نے کہا.

عائشہ نے کوئی جواب نا دیا..

Posted on Kitab Nagri

زیان نے کھانے کی ٹرے صوفے کے سامنے ٹیبل پر رکھی..

چلو آؤ.. کھانا کھاتے ہیں..

زیان اس کے سامنے آیا..

مجھے بھوک نہیں ہے...عائشہ نے روکھے سے انداز سے کہا..

عائشہ سوری مجھے غصہ آ گیا تھا..

میں نے کوئی شکایت کی..

یہ شکایت نہیں تو کیا.. بھوک ہڑتال کرنے بیٹھ گئی..

Posted on Kitab Nagri

اچھا کھانا کھالو.. پھر ناراض ہو جانا...میں منالوں گا...زیان مسکرایا..

میں نے کہا آپ سے مجھے نہیں کھانا آپ کھالیں...

ویسے بھی مجھے سونا ہے...

زیان نے آنکھیں بند کر کے لمبا سانس لیا..

سو جاؤ...میں بھی نہیں کھا رہا..

زیان واپس آ کر بیڈ پر لیٹ گیا..

یہ اب کیا ہوا..؟؟اب کیا کروں میں..حد ہے مجھے منایا بھی نہیں..عائشہ دل.میں سوچنے لگی..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اچھا... ٹھیک ہے... عائشہ نے کہا..

زیان فوراً اٹھا... مسکرایا..

زیان یہ تو کوئی بات نا ہوئی نا... آپ نے مجھے منایا بھی نہیں.. میں نے سوچا تھوڑا ناراض ہوں گی.. اس نے منہ بناتے کہا.

سوری کہا تو ہے... زیان اس کے پاس آ کر بیٹھ گیا..

آپ نے مجھے بلاوجہ ڈانٹا ہے...

کان پکڑوں..؟؟ اس نے کانوں کو ہاتھ لگاتے کہا..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

نہیں.. عائشہ نے ہاتھ نیچے کر دیئے

میں ناراض تو نہیں تھی.. تھوڑا سا تھی پہلے... مگر مجھے پتا ہے. آپ زرا آفس ورک کی وجہ سے سٹرس میں ہے...

زیان مسکرایا..

مگر زیان جب نا آپ مجھے ایسے ڈانتے ہیں نا.. میرے تو دل کو ہی کچھ ہونے لگ جاتا...ہائے اللہ...اس نے دل. پر ہاتھ رکھ کر کہا..

زیان مسکرا دیا .

ویسے نا زیان آپ. نے ہفتے میں ایک بار اپنی باس والی جھلک ضرور دیکھانی ہوتی ہے....

زیان اس بات پر زور سے ہنس دیا..

Posted on Kitab Nagri

اب اتنا تو بدلا ہے تمہارے لئے خود کو...

ارے. مجھے نہیں بدلنا آپ کو...مجھے ایسے ہی اچھے لگتے ہیں آپ ...

کھانا کھالیں... بھوک لگی ہے

اچھا جی... پہلے تو کہا تھا بھوک نہیں ہے...

وہ تو غصے میں کہا تھا...

چلو اٹھو جلدی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

زیان میں تو سوئی ہی نہیں تھی...اس نے ہنستے کہا..

بہت بری بات ہے عائشہ...اس نے منہ بناتے کہا..

تو آپ کو بھی تو پیار تب ہی آتا جب میں سوئی ہوتی ہوں..وہ مسکرا دی...

نہیں ویسے بھی آتا ہے.. مگر ٹائم....

کوئی بات نہیں....

.............................

لائبہ.... تم کب آئی.. شکر ہے تمہیں ٹائم.تو.ملا...

Posted on Kitab Nagri

عائشہ اس کے گلے لگی۔۔

ہاں بس دل کیا تم .سے ملنے کا...

بہت اچھا کیا...

کیسی ہو...؟؟ عائشہ بولی

میں ٹھیک .ہوں... تم .سناؤ...؟؟ لائبہ نے کہا

الحمد اللہ...

زیان بھائی کیسے ہیں...؟؟

Posted on Kitab Nagri

وہ بھی ٹھیک ہیں..؟؟

اچھا...سب ٹھیک ہے نا..؟؟

لائبہ نے کہا..

ہاں کیوں کیا ہوا...؟؟

میرا مطلب شادی ہو گئی..زیان بھائی کے ساتھ ریلشن ٹھیک ہے نا...؟؟

ہاں مگر تم ایسے کیوں کہہ رہی ہو....؟؟

Posted on Kitab Nagri

نہیں کچھ نہیں ویسے ہی کہہ رہی ہوں..؟؟

تمہاری زیان سے کوئی بات ہوئی ہے؟؟ مجھے لگ رہا کوئی تو بات ہے..

ارے وہم ہے تمہارا...

نہیں ایک دن زیان نے بھی ایسے ہی تمہارا ذکر کیا تھا...

وہ بس ایسے ہی ایک دن مل گئے تھے وہ...ریسٹورنٹ میں..

اچھا.. کوئی بات ہوئی.. عائشہ. کو تشویش ہونے لگی کہ زیان نے اس بات کا ذکر کیوں نہیں کیا..

مجھے سب بتاؤ ابھی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

وہ..زیان بھائی نے منع کیا ہے....

ایسا کیا تھا...؟؟

وہ تمہارے بارے میں پوچھ رہے تھے..

میرے بارے میں کیا..؟؟

یہی کہ تم ڈرتی ہو....؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو زیان سب جانتے تھے...عائشہ کو غصہ آنے لگا..

یار وہ بس ایسے ہی..

Posted on Kitab Nagri

ایسے نہیں.. تم نے انہیں سب بتا دیا... تمہیں مجھ سے ذکر کرنا چاہیے تھا...

سوری یار ..

زیان سے مجھے ایسی امید نہیں تھی... عائشہ کو افسوس ہو رہا تھا..

اس لئے وہ مجھ سے دور ہو رہے ہیں... وہ دل میں سوچنے لگی.. مگر تڑپ پر بھی وہ نہیں جانا چاہتے تھے... زیان آپ کتنا کچھ چھپا کر رکھتے ہیں مجھ سے....

..................

زیان سر.... مسکان اندر داخل ہوئی..

Posted on Kitab Nagri

آپ گئیں نہیں ابھی تک....

سر یہ میرا ریزگنیشن لیٹر....

اس نے ٹیبل پر رکھتے کہا..

اور یہ آپ کی کافی....

آپ ریزائن کر رہی ہیں...زیان کو حیرت ہوئی..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جی سر.. میں شرمندہ ہی بہت ہوں..

میں دل سے آپ سے معافی مانگنا چاہتی ہوں..

سر میں بہک گئی تھی.. آپ کا احترام اور کیئر نے مجھے آپ سے محبت کرنے پر مجبور کر دیا.

Posted on Kitab Nagri

مگر میں شرمندہ ہوں... آپ اور آپ. کی وائف ہمیشہ خوش رہیں..

زیان ساتھ ساتھ اس کی بات سن رہا تھا.. ساتھ ساتھ کافی پی رہا تھا..

اس لئے میں یہ جاب چھوڑنا چاہتی ہوں..

مسکان دیکھیں آپ شرمندہ ہیں مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی.. مگر آپ جاب....

سر میرے لئے مشکل ہو جائے گا. میں آپ کے اور آپ کی وائف کے لئے دعا کرتی ہوں... کہ آپ. خوش رہیں..

شکریہ مس مسکان...

جیسے آپ کی مرضی....

Posted on Kitab Nagri

مسکان روم سے نکل گئی..

زیان مسکرا دیا....

.........................

زیان کافی پی کر باہر نکال..

تو کوری ڈور میں مسکان زمین پر پڑی تھی..

مسکان...زیان بھاگ کر اس کے پاس گیا..اس کا چہرہ تھپتھپایا..

Posted on Kitab Nagri

اس نے تھوڑی سی آنکھیں کھولی..

مگر زیان کی اپنی آنکھیں نیند کی وجہ سے بند ہو رہی تھیں..

مسکان اٹھیں..زیان نے اسے بازو سے پکڑ کر اٹھایا..

سر.. سر... چکر..اس نے سر پکڑتے کہا..

آئیں میں آپ کو گھر چھوڑ دیتا ہوں..

سر... کوئی بات نہیں...

نہیں آپ ایسے کیسے جائیں گی...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

............

زیان آج زیادہ نہیں لیٹ ہو گئے....

عائشہ اسے کال. کر رہی تھی مگر فون بند تھا...

اللہ خیر ہی کریں...اس نے آفس والا فون ملایا مگر کوئی فائدہ نہیں..

آفس سے نکل گئے ہیں تو آئے کیوں نہیں ....پتا نہیں کیوں دل بیٹھا جارہا میرا..

وہ پریشانی میں روم میں ٹہلنے لگی...

.........

Posted on Kitab Nagri

زیان نے مسکان کی طرف کا دروازہ کھولا..

وہ باہر نکلی مگر لڑکھڑا دی..

کوئی ہے جو آپ کو فلیٹ تک لے جا سکتا...

زیان نے پوچھا..

سوری.. سر.. میں چلی جاؤں گی...وہ پھر سے لڑکھڑائی..

چلیں میں چھوڑ دیتا ہوں.. گر جائیں گی آپ...

زیان کے ماتھے پر ہلکی سی سلوٹیں پڑیں...

Posted on Kitab Nagri

زیان اسے اس کے فلیٹ تک لے آیا...

اسے اندر چھوڑ کر وہ جانے لگا...تو زیان کا سر چکرا گیا..

سر کیا ہوا..

بیٹھیں.. آپ...

نہیں مجھے جانا ہے.. میں ہرگز یہاں نہیں رک سکتا..

وہ پھر سے چلنے لگا...

مگر لڑکھڑا گیا..

سر آپ. پانی پی کر چلیں جائیں...

پلیز سر.. میری اتنی ہیلپ. کی آپ نے.. ایسے آپ ڈرائیو نہیں کر پائیں گے...

Posted on Kitab Nagri

زیان صوفے پر سر پکڑ کر بیٹھ گیا..

یااللہ یہ میرا سر کیوں اتنا چکرا رہا ہے. اس نے آنکھیں بند کیں.

مسکان کے چہرے پر مسکراہٹ آگئی..

وہ. کچن میں سے پانی لینے گئ..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھ ےریجکٹ کیا تھانا... مسکان نے طنزیہ ہنستے کہا.

اب دیکھتی ہوں میں کہ اپنی بیوی کے ساتھ کیسے رہتے ہو تم..

میں نے محبت کی اور تم نے میری انسلٹ... اب اس انسلٹ کا بدلہ ایسے ہی لوں گی میں.. اب کیسے بچو کے میرے وار سے زیان جاوید... تمہیں تمہارا احترام بہت مہنگا پڑنے والا ہے...

Posted on Kitab Nagri

وہ پانی لے کر آئی.. مگر زیان اس وقت تک یونہی صوفے پر سو چکا تھا...

مسکان نے اس کے قریب پڑا ہوا اس کا کوٹ دیکھا.. اور مسکرا کر اٹھا لیا...

زیان مکمل طور پر بوہوش تھا...

مسکان نے اس کی کافی میں نیند کی گولی ملائی تھی...

پھر اندر گئی اور لپسٹک. اٹھا کر لائی.. اور زیان کی شرٹ کے کالر پر لگا دی. اس طرح کے بظار تو نظر نا آئے مگر کوئی قریب سے دیکھے تو محسوس ہو.... اور ہلکا سا لیڈیز پرفیوم بھی... اس کا پلین مکمل. طور پر. کامیاب ہو رہا تھا۔

.....................

زیان کی رات دو بجے کے قریب آنکھ کھلی.. اس نے اٹھ کر ادھر ادھر دیکھا..

Posted on Kitab Nagri

مسکان وہاں نہیں تھی...وہ شاید دوسرے کمرے میں تھی..

زیان جلدی سے پریشانی سے اٹھا...

یہ میں یہاں...وہ ادھر ادھر دیکھ رہا تھا..

زیان نے جلدی سے چابی اٹھائی...اور چل دیا ...اس کا سر درد اے پھٹ رہا تھا...

.....................

زیان کمرے میں داخل.ہوا..

زیان آپ.کہاں تھے..آپ کا فون بند تھا...میں پریشان ہو گئی...عائشہ جلدی سے بولے جا رہی تھی..

Posted on Kitab Nagri

اگر میں نے اسے بتایا تو یہ میرا یقین نہیں کرے گی... اس نے دل. میں سوچا.. اور بتاؤں بھی تو کیا.. کہ تمہارا بے وقوف شوہر رات ایک اکیلی لڑکی کے فلیٹ میں سو گیا...

وہ میں آفس میں تھا... میں تھک گیا.. پتا نہیں کب آنکھ لگ گئی.. فون ڈیڈ تھا...

اچھا کوئی بات نہیں.. اللہ کا شکر آپ خیریت سے ہیں... آپ کا کوٹ....

زیان کو اب اندازہ ہوا.... کہ. اس کا کوٹ تو وہیں رہ گیا..

وہ.... وہ... زیان نے ماتھے کو چھوا.... آفس میں رہ گیا...

اوکے.. کوئی بات نہیں ... آپ. فریش ہو جائیں.. مجھے آپ. کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں لگ رہی...

ہم.... زیان یہ کہہ کر جلدی سے واش روم میں گھس گیا..

Posted on Kitab Nagri

اللہ. کا شکر.. میرے ایسا ہی دل ڈر رہا تھا کہ کچھ برا ہونے والا...

اللہ کا. شکر ہے.. زیان ٹھیک ہیں...

....................

عائشہ...

جی کلثوم آپا...

وہ. بیٹا.. آپ سے کوئی لڑکی ملنے آئی ہے..

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

مجھ سے...؟؟

جی مسکان نام ہے...

مسکان..اوہ..اچھا زیان نے بھیجا ہو گا...

چلیں میں آتی ہوں...

.......

اسلام علیکم....

وعلیکم اسلام...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

مسکان کھڑی ہوئی..

بیٹھیں...

جی...

میم یہ وہ سر کا کوٹ.... مسکان نے آگے بڑھایا..

عائشہ کو حیرت ہوئی...

زیان نے بھیجا ہے...؟؟

نہیں... وہ اصل میں... وہ ہچکچائی..

Posted on Kitab Nagri

کیا بات ہے....؟؟؟

وہ. کل. رات میرے فلیٹ میں بھول آئے تھے...اس نے نظریں جھکا کر کہا..

کیا...؟؟ عائشہ کے پیروں تلے زمین کھسک گئی..

زیان کل رات تمہارے....

جی...وہ مجھے چھوڑنے گئے تھے... مگر وہاں....

عائشہ کو اپنے جسم. سے جان نکلتی ہوئی محسوس ہوئی..

انہیں ہوش نہیں رہا..وہ بھول آئے....

تم جھوٹ بول رہی ہو....؟؟ عائشہ غصے سے بولی..

Posted on Kitab Nagri

میم مجھے عورت ہو کر اس قسم کا جھوٹ بولنے کی کیا ضرورت... میں تو جاب بھی چھوڑ آئی ہوں... اس نے آنسو بہاتے کہا..

میں کسی کو موقع نہیں دینا چاہتی تھی.. کہ میرے کردار کے بارے میں بات کریں... مجھ سے غلطی ضرور ہوئی کہ میں زیان سر سے محبت کر بیٹھی... مگر جو انہوں نے کیا اس کی امید نہیں تھی مجھے...

میں آپ سے کچھ چھپانا نہیں چاہتی تھی... میں جا رہی ہوں یہ شہر چھوڑ کر... میرا تو کوئی ہے بھی نہیں...

عائشہ کو لگ رہا تھا... اس کا دل. بند ہو جائے گا...

آنسو اس کی آنکھوں سے بہنے شروع ہو گئے...

اللہ حافظ میم... میں مزید اپنی تزلیل برداشت نہیں کر سکتی...

Posted on Kitab Nagri

وہ اٹھ کر تیزی سے نکل گئی...

............

ہنہ...مجھے ریجکٹ کیا تھا..بڑے تمیز سے کہا تھا میں نے..کہ شادی کر لو مجھ سے..آگے پیچھے گھومتی رہی تمہارے...اور تم...اب کرو جو کرنا...وہ یہ سوچتی باہر چلی گئی...

.................

عائشہ کمرے میں آئی..

نہیں اللہ پاک نہیں...میرے زیان ایسے نہیں ہو سکتے...یہ لڑکی جھوٹ بول رہی ہے...

وہ.ہو سکتا وہاں ہوں...مگر وہ مجھے دھوکا دے ہی نہیں سکتے...

یہ سب فضول.بک رہی ہے...حسد اور جلن میں...اللہ زیان ایسے نہیں ہیں...کوٹ رہ جانے کا مطلب یہ تھوڑی نا...ہر گز نہیں اللہ...میں نہیں رووں گی...میں جانتی ہوں زیان کو..

Posted on Kitab Nagri

دیکھنا اللہ پاک ابھی آئیں گے نا...

میں پوچھوں گی..وہ سچ بات بتائیں گے... وہ خود کو تسلی دے رہی تھی..

عائشہ نے یہ کوٹ پھیکنا...اور واش روم گئی یہ چہرہ دھولے..

